★★★★ پاک سرزمین کا نظام..... قوت اخوت عوام ★★★★

ABC CERTIFIED

DAILY QUWAT LAHORE

روزنامہ قوت

چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
لاہور

ایڈیٹر
امداد اللہ قریشی

www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 14 | منگل 2 محرم الحرام 1445ھ 9 جولائی 2024ء 26 ہاڑ 2081ب (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 271

اللہ ایک ہے تم فرماؤ وہ اللہ ہے وہ ایک ہے، اللہ بے نیاز ہے، نہ اس کی کوئی اولاد اور نہ وہ کسی سے پیدا ہوا اور نہ اس کے جوڑ کا کوئی (سورۃ اخلاص) (قرآنی آیات اور احادیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا احترام ہم سب پر لازم ہے۔

پنجاب ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے قیام کا اصولی فیصلہ
وزیراعلیٰ پنجاب نے غیر قانونی ہاؤسنگ اسکیموں کی لسٹ طلب کرلی

اس ماہ آئی ایم ایف کے ساتھ ٹاف لیول معاہدے تک پہنچنے کیلئے پرامید ہیں، ہمارے پاس اپنے پروگرام کیلئے پانچ سال کا وقت نہیں، ہمیں اگلے دو سے تین مہینوں میں کام دکھانا شروع کرنا ہے

ملک کا انحصار درآمدات پر ہے، جس کی وجہ سے قرضوں کی ادائیگی کیلئے مزید قرض لینا پڑتا ہے، لوگ رشوت، کرپشن اور ہراسانی کے ڈرسے ایف بی آر سے ڈیل نہیں کرنا چاہتے۔ وفاقی وزیر خزانہ

لیول معاہدے تک پہنچنے کیلئے پرامید ہیں، ہمارے پاس اپنے پروگرام کیلئے پانچ سال کا وقت نہیں، باقی صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں



کوئٹہ، وزیراعظم شہباز شریف سے بلوچستان اسمبلی کے ممبران ملاقات کر رہے ہیں

وفاقی وزیر مواصلات کی زیر صدارت اجلاس

سندھ، بلوچستان اور کے پی کے کی مختلف شاہراہوں کی تعمیر و مرمت پر بریفنگ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر مواصلات، تجارت اور سرمایہ کاری بورڈ عبدالعلیم خان کی زیر صدارت این ایچ اے میں منعقدہ اجلاس میں سندھ، بلوچستان اور کے پی کے کی مختلف شاہراہوں کی تعمیر و مرمت پر تفصیل بریفنگ دی گئی۔ وفاقی باقی صفحہ 7 نمبر 2

ایئر پورٹس پر باڈی سرچ عام بات ہے، ڈی جی اے ایس ایف ایوی ایشن کا انکشاف

انتہائی ایئر پورٹ پر معلوم ہونے کے باوجود ہم تین افسران کا باڈی سرچ کیا گیا قائمہ کمیٹی کو بریفنگ

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے ایوی ایشن میں ڈی جی اے ایس ایف نے انکشاف کیا ہے کہ ایئر پورٹس پر باڈی سرچ عام بات ہے، تین افسران کے ساتھ سرکاری دورے پر تھے گئے تو انتہائی ایئر پورٹ پر ان کو معلوم باقی صفحہ 7 نمبر 3

ملک میں ٹوئٹر بحال نہیں ہوسکتا، وزارتِ داخلہ نے صاف جواب دے دیا

ریاست مخالف مواد اپ لوڈ کیا جاتا ہے، بندش ملکی وقار کیلئے ہے، عدالت میں جواب

کراچی (این این آئی) وزارت داخلہ نے سندھ ہائیکورٹ میں جمع کرائی گئی رپورٹ میں سوشل میڈیا پلیٹ فارم ٹوئٹر (ایکس) کو ملکی سلامتی کے لیے خطرہ قرار دیتے ہوئے صاف جواب دے دیا

کہ ملک میں ایکس بحال نہیں ہوسکتا۔ جواب میں کہا گیا ہے کہ وزارت داخلہ کا کام پاکستان کے عوام کے حقوق کا تحفظ فراہم کرنا ہے، ایکس پر پابندی سے پہلے تمام قانونی تقاضے پورے کیے گئے تھے۔ وزارت داخلہ نے جواب میں لکھا پاکستان میں ایکس پر پابندی آئین کے آرٹیکل 19 کی خلاف ورزی نہیں ہے، سپریم کورٹ کا فیصلہ اظہار باقی صفحہ 4 نمبر 4

وزیراعظم کا بلوچستان کے لئے 55 ارب روپے کا پیکیج

بلوچستان کے لئے 55 ارب روپے کا پیکیج

55 ارب روپے کا پیکیج بلوچستان کے لئے

55 ارب روپے کا پیکیج

55 ارب روپے کا پیکیج

55 ارب روپے کا پیکیج

روزنامہ قوت لاہور
سٹی نیوز

ڈکیتی اور راہزنی کی وارداتوں نے شہریوں کو غیر محفوظ بنا دیا

شہریوں کو لاکھوں روپے کی نقدی، طلائی زیورات، موبائل فونز اور دیگر قیمتی اشیاء سے محروم کر دیا

لاہور (کرائم رپورٹر) صوبائی دارالحکومت میں ڈکیتی اور راہزنی کی وارداتوں میں شہریوں کو غیر محفوظ بنا دیا، پولیس کا کارگر دگی صفر، 24 گھنٹوں کے دوران وارداتوں میں شہریوں کو لاکھوں روپے کی نقدی، طلائی زیورات، موبائل فونز اور دیگر قیمتی اشیاء سے محروم کر دیا گیا تفصیلات کے مطابق گلشن اقبال کے علاقے میں 3 ڈاکوں نے اسلحے کے زور پر شہری محمد اسد سے 1 لاکھ روپے نقدی، موبائل فون، بٹوا پورسے ڈاکو ندیم سے 33 ہزار روپے اور موبائل فون، سنداں سے ڈاکو عبداللہ سے 13 لاکھ 22 ہزار روپے اور موبائل فون، سبزہ زار سے ڈاکو زبیر سے 70 ہزار اور موبائل فون، شاہدرہ سے ڈاکو داؤد سے 1 لاکھ 8 موبائل فون، باغبانپورہ سے ڈاکو عمر سے 90 ہزار روپے اور موبائل فون، بھاٹی گیٹ سے ڈاکو فضل محمد سے 10 ہزار روپے اور موبائل فون، ریس کورس سے ڈاکو راشد محمود سے 20 ہزار روپے اور موبائل فون، نواب ٹاؤن سے ڈاکو عدنان سے 20 ہزار روپے و موبائل فون، فیصل ٹاؤن سے ڈاکو الدین سے 60 ہزار روپے اور موبائل فون، اچھرہ سے ڈاکو ایاز سے 1 لاکھ اور موبائل فون، جنوبی چھاؤنی سے ڈاکو احمد سے 14 ہزار روپے اور موبائل فون، نشتر آباد سے ڈاکو منیر سے 40 ہزار اور موبائل فون چھین کر فرار ہو گئے جبکہ سندر اور مسلم ٹاؤن کے کاریں، گولنٹری، ہڈیارہ، کوٹ لکھپت، گرین ٹاؤن، ملت پارک، لوئر مال، پرانی نارتھ سے موٹر سائیکلیں چوری ہو گئیں۔



صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق یونیورسٹی آف چائلڈ ہیلتھ سائنسز کے 11ویں سینڈیکیٹ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کی زیر صدارت یونیورسٹی آف چائلڈ ہیلتھ سائنسز کا 11 واں سینڈیکیٹ اجلاس منعقد

یونیورسٹی آف چائلڈ ہیلتھ سائنسز کے 10 ویں سینڈیکیٹ اجلاس کے تمام فیصلوں کی توثیق کی، سینڈیکیٹ اجلاس کے دوران دو کیری ویٹز کی خریداری کی منظوری بھی دی گئی ہے

سینڈیکیٹ اجلاس کے دوران سید اظہر عباس شاہ کو یونیورسٹی کا پراجیکٹ ڈائریکٹر لگانے کی منظوری دی گئی ہے

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کی زیر صدارت یونیورسٹی آف چائلڈ ہیلتھ سائنسز کا 11 واں سینڈیکیٹ اجلاس منعقد ہوا، رجسٹرار یونیورسٹی نے سینڈیکیٹ ایجنڈا کے مندرجات پیش کئے۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے یونیورسٹی آف چائلڈ ہیلتھ سائنسز کے 10 ویں سینڈیکیٹ اجلاس کے تمام فیصلوں کی توثیق کی۔ اس موقع پر 10 ویں سینڈیکیٹ اجلاس کے فیصلوں کی مکمل آرمد رپورٹ بھی پیش کی گئی۔ سینڈیکیٹ اجلاس کے دوران سنٹرل فارمیسی کی اتھورٹس کی منظوری دی گئی۔ سینڈیکیٹ اجلاس کے دوران دو پروفیسرز کی بطور پروفیسر آف ایری رائمس کی منظوری دی گئی ہے۔ سینڈیکیٹ اجلاس کے دوران دو کیری ویٹز کی خریداری کی منظوری بھی دی گئی ہے۔ سینڈیکیٹ اجلاس کے دوران یونیورسٹی آف چائلڈ ہیلتھ سائنسز کی بعض پوسٹ گریجویٹ کی منظوری کے علاوہ ایکٹ کونسل کیلئے چار نئے ممبران کی منظوری بھی دی گئی ہے۔ سینڈیکیٹ اجلاس کے دوران سید اکبر عباس شاہ کو یونیورسٹی کا پراجیکٹ ڈائریکٹر لگانے کی منظوری دی گئی ہے۔ سینڈیکیٹ اجلاس کے دوران اسلامک ایڈ

صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق ریجنل ڈائریکٹر اینٹی نارکوٹکس فورس پنجاب بریگیڈیئر سکندر حیات چوہدری سے ملاقات کے دوران تبادلہ خیال کر رہے ہیں

صوبائی وزیر کی ریجنل ڈائریکٹر اینٹی نارکوٹکس فورس پنجاب بریگیڈیئر سکندر حیات چوہدری سے ملاقات

خواجہ سلمان رفیق اور بریگیڈیئر سکندر حیات چوہدری کے درمیان معاشرے کو منشیات کی لعنت سے پاک کرنے اور رہی ہیب سٹنرز کے قیام پر تبادلہ خیال ہوا

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کی ریجنل ڈائریکٹر اینٹی نارکوٹکس فورس پنجاب بریگیڈیئر سکندر حیات چوہدری سے ملاقات ہوئی۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے اس موقع پر کہا کہ منشیات ہمارے معاشرے کا ناسور بن چکی ہے۔ اینٹی نارکوٹکس فورس پنجاب منشیات کے خلاف فعال کردار ادا کر رہی ہے۔ پاکستان کو ڈرگ فری ملک دیکھنا چاہتے ہیں۔ سکندر حیات چوہدری نے کہا کہ ہم معاشرے کو منشیات کی لعنت سے نجات دلانے کیلئے عوام میں آگاہی انتہائی اہم ہے۔



صوبائی وزیر صحت کے قونصل جنرل لاہور مسز درش پاشتو کو ملاقات کے دوران پھولوں کا گلدستہ پیش کر رہے ہیں

صوبائی وزیر کی ترکیہ کے قونصل جنرل لاہور مسز درش پاشتو سے ملاقات

پاکستان اور ترکیہ کے درمیان بہت ہی خوبصورت برادرانہ تعلقات قائم ہیں، خواجہ سلمان

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے ترکیہ کے قونصل جنرل لاہور مسز درش پاشتو سے ملاقات کی۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق اور ترکیہ کے قونصل جنرل درش پاشتو کے درمیان نظام صحت میں بہتری کیلئے مختلف اقدامات پر تبادلہ خیال ہوا، صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے اس موقع پر کہا کہ پاکستان اور ترکیہ کے درمیان بہت ہی خوبصورت برادرانہ تعلقات قائم ہیں۔ پاکستان اور ترکیہ کی عوام کے دل ایک ساتھ دھڑکتے ہیں۔ ترکی کے نظام صحت سے بہت متاثر ہوں۔ ترکی ایک بہت تاریخی، ثقافتی اور خوبصورت

شیرا کوٹ پولیس نے قتل کے مقدمے میں مفرور اشتہاری ملزم کو گرفتار کر لیا

لاہور (کرائم رپورٹر) شیرا کوٹ پولیس نے قتل کے مقدمے میں مفرور اشتہاری ملزم کو گرفتار کر لیا تر جمان پولیس کے مطابق ایس پی اقبال ٹاؤن ڈاکٹر سلمان لیاقت کی ہدایت پر انسپکٹر اعجاز کے خلاف ماری کیس کے دوران شیرا کوٹ پولیس نے قتل کے مفرور اشتہاری ملزم محمد یامین کو گرفتار کر کے ڈوگر کالونی سٹیشن لنگ کے حوالے کر دیا۔

مولانا عبدالستار ایدھی کی بری پرایرانی سفیر رضا امیری موعادم کا پیغام

اسلام آباد (این این اے) 8 جولائی کو مولانا عبدالستار ایدھی کی بری سے ہے۔ وہ پاکستانی معاشرے کے لیے ایک سرشار آدمی اور ایک خزانہ تھے۔ وہ ایک انسان دوست تھے جس نے ایدھی فاؤنڈیشن کی بنیاد رکھی، جو پاکستان بھر میں دنیا کا سب سے بڑا ایمبولینس نیٹ ورک، بے گھر بچوں کا مرکز، جانوروں کی پناہ گاہیں، بھالی مراکز اور یتیم خانے چلاتا ہے۔ انہیں پاکستانی معاشرے کے لیے ان کی لگن کے لیے یاد کیا جاتا ہے۔ خدا اس کی روح کو سکون دے۔

ہوم سیکریٹری پنجاب نورالامین مینگل کی ہدایت پر پنجاب کی جیلوں میں منشیات کے مقدمات میں ملوث اسیران کی انکے لواحقین سے ایڈمن بلاک میں ملاقات



لاہور (فرید بار سے) ہوم سیکریٹری پنجاب نورالامین مینگل کی ہدایت پر پنجاب کی جیلوں میں منشیات کے مقدمات میں ملوث اسیران کی انکے لواحقین سے ایڈمن بلاک میں ملاقات پر پوری پابندی عائد کرنے کی ہدایات کی تھیں جس کے بعد پنجاب کی جیلوں میں منشیات کی وارداتوں میں ملوث گرفتار اسیران کی ملاقات منشیات کے مقدمات میں ملوث اسیران کی انکے لواحقین سے ایڈمن بلاک میں ملاقات پر ہوم سیکریٹری پنجاب کی جانب سے فوری پابندی عائد کر دی گئی ہے جسے کہ اس کے نوٹیفکیشن کی کاپی بھی جاری کر دی گئی ہے۔ ہوم سیکریٹری پنجاب نورالامین مینگل کی ہدایت پر پنجاب کی جیلوں میں منشیات سمگل کرنے کیلئے سرگرم جیلوں کے اندر ملوث منشیات فروش گروہوں کے خلاف بلا امتیاز کارروائی کی جائے گی۔ جیلوں میں منشیات سمگلنگ کی ایک اہم زریعہ ایڈمن بلاک میں اسیران کے ساتھ ملاقاتیوں کا آنا بھی ہے جو کھلا جاتا ہے، جو کہ گنجلک کیلئے بنائی گئی ہے۔ آئی جی جیل خانہ جات جناب میاں فاروق کا کہنا ہے کہ منشیات کے مقدمات میں ملوث اسیران کی ایڈمن بلاک میں ملاقات پر عائد پابندی سے نہ صرف منشیات فروشوں اور منشیات کے عادی

گارمنٹس فیکٹری میں بوائلر پھٹنے کے نتیجے 3 جاں مزدور جاں بحق

3 مزدور جاں بحق دو شدید زخمی ہو گئے، ریسکیو 1122

لاہور (کرائم رپورٹر) مانگا منڈی کے علاقے میں گارمنٹس فیکٹری میں بوائلر پھٹنے کے نتیجے 3 مزدور جاں بحق دو شدید زخمی ہو گئے، ریسکیو 1122 اور مقامی افراد کی بروقت کوششوں سے ملبے تلے دبے 3 مزدوروں کو نکال کر ہسپتال منتقل کر دیا گیا جہاں 3 مزدور جاں بحق قرار دے دیئے گئے جبکہ 2 زخمی ہسپتال میں زیر علاج ہیں۔ ریسکیو 1122 کے مطابق مانگا منڈی کے علاقے میں بوائلر پھٹنے کی اطلاع ملی جس پر ریسکیو ٹیموں نے موقع پر پہنچ کر امدادی کارروائیاں شروع کر دیں۔ ریسکیو ٹیموں نے ملبے تلے دبے 3 مزدوروں کو نکالا جنہیں ہسپتال منتقل کیا گیا جہاں 3 مزدور جاں بحق قرار دے دیئے گئے جبکہ 2 زخمی ہسپتال میں زیر علاج ہیں۔ ریسکیو 1122 کے مطابق فیکٹری میں بوائلر پھٹنے کی اطلاع ملی جس پر ریسکیو ٹیموں نے موقع پر پہنچ کر امدادی کارروائیاں شروع کر دیں۔ ریسکیو 1122 کے مطابق فیکٹری میں بوائلر پھٹنے کے نتیجے میں 3 مزدور جاں بحق ہوئے ہیں۔ ریسکیو 1122 کے مطابق فیکٹری میں بوائلر پھٹنے کے نتیجے میں 3 مزدور جاں بحق ہوئے ہیں۔

ڈومیسٹک کرکٹ کا معیار بہتر کرنے کیلئے محسن نقوی کے وژن پر کام کا آغاز

ملک بھر کے 104 اضلاع میں کرکٹرز کے فٹنس ٹیسٹ کے انعقاد پر 2300 سے زائد کھلاڑی شریک

لاہور (رپورٹ: محمد بابر) پاکستان کرکٹ بورڈ نے بھی بابر ملک کے 16 رکنی گروپ کے 104 اضلاع میں فٹنس ٹیسٹ کرانے کا فیصلہ کیا ہے۔ ملک بھر میں جاری فٹنس ٹیسٹ میں 2300 سے زائد کھلاڑی شرکت کر رہے ہیں۔ ٹیسٹ کرانس روٹ لیول پر فٹنس کے کلچر کو شامل کرنے کے چیئرمین پی سی بی محسن نقوی کے وژن کے مطابق کرائے جا رہے ہیں۔ ریجنل انٹر ڈسٹرکٹ سینئر ٹورنامنٹ 2024-25 کے لیے اسکواڈ کو ٹریننگ کرنے کے لیے اپریل اور مئی 2024 میں ہونے والے چیلنج کپ کے بعد ہر ضلع کے 23 کھلاڑیوں کو شارٹ لسٹ کیا گیا ہے۔ ہر ضلع میں سے 23 کھلاڑی متعلقہ ضلع اور علاقائی کوچز کی نگرانی میں



مولانا عبدالستار ایدھی کی بری پرایرانی سفیر رضا امیری موعادم کا پیغام

شیرا کوٹ پولیس نے قتل کے مقدمے میں مفرور اشتہاری ملزم کو گرفتار کر لیا

لاہور (کرائم رپورٹر) شیرا کوٹ پولیس نے قتل کے مقدمے میں مفرور اشتہاری ملزم کو گرفتار کر لیا تر جمان پولیس کے مطابق ایس پی اقبال ٹاؤن ڈاکٹر سلمان لیاقت کی ہدایت پر انسپکٹر اعجاز کے خلاف ماری کیس کے دوران شیرا کوٹ پولیس نے قتل کے مفرور اشتہاری ملزم محمد یامین کو گرفتار کر کے ڈوگر کالونی سٹیشن لنگ کے حوالے کر دیا۔

ایل ڈی اے، ٹیپا، ٹیموں کی کارروائی، پارکنگ فوانین کی خلاف ورزی پر جوہر ٹاؤن میں دو درجن سے زائد املاک سربمہر

شہر میں غیر قانونی تعمیرات/کمرشل عمارتوں اور پارکنگ کی جگہ پر تجاوزات بنانے والوں کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں، طاہر فاروق

لاہور (خبر نگار) ڈائریکٹر جنرل ایل ڈی اے طاہر فاروق کی ہدایت پر ایل ڈی اے اور ٹیپا کی ٹیموں کی شہر میں غیر قانونی تعمیرات/کمرشل عمارتوں اور پارکنگ فوانین کی خلاف ورزی پر سربمہر کارروائیاں جاری ہیں۔ ٹیپا اتھارٹی حکام نے لیڈی ہیلتھ وزیٹرز پارکنگ فوانین کی خلاف ورزی پر جوہر ٹاؤن میں 56 سول لائنز میں 41، اقبال ٹاؤن 84، صدر 63 جگہ ماڈل ٹاؤن ڈویژن میں 62 مجالس منعقد ہوئیں جن کے آغاز سے اختتام تک پولیس اور سخت سیکیورٹی انتظامات کئے گئے۔ خواتین کی مجالس میں لیڈی پولیس اہلکار نے بھی سیکیورٹی کے فرائض انجام دیئے۔ لیڈی زائرین کے ذریعے خواتین کی تلاشی میں معاونت کی گئی۔

بھائی گیٹ کے علاقے میں گھر کی بوسیدہ چھت گرنے سے باپ بیٹا جاں بحق

ریسکیو ٹیموں نے امدادی کارروائی کرتے ہوئے لاشیں نکال کر ورثا کے حوالے دیں

لاہور (کرائم رپورٹر) بھاٹی گیٹ کے علاقے میں گھر کی بوسیدہ چھت گرنے کے نتیجے میں باپ بیٹا جاں بحق ہو گئے، ریسکیو ٹیموں نے امدادی کارروائی کرتے ہوئے لاشیں نکال کر ورثا کے حوالے دیں تفصیلات کے مطابق بھاٹی گیٹ کے علاقے حکیماں والا بازار میں واقع گھر کی کئی آر سی سی چھت گر گئی جس کے نتیجے میں باپ بیٹا جاں بحق ہو گئے، ریسکیو ٹیموں نے امدادی کارروائی کرتے ہوئے لاشیں نکال کر ورثا کے حوالے کر دیں۔

ویٹرنری یونیورسٹی اور پاکستان پولٹری ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام بین الاقوامی پولٹری ایکسپو اور پولٹری سائنس کانفرنس 2024 کے حوالے سے اجلاس کا انعقاد

لاہور (خبر نگار) یونیورسٹی آف ویٹرنری اینڈ اینیمل سائنسز لاہور اور پاکستان پولٹری ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام بین الاقوامی پولٹری ایکسپو اور سائنس کانفرنس 2024 کے حوالے سے لاہور میں اجلاس کا انعقاد ہوا جس کی صدارت وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر محمد یونس تمد نے کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر محمد یونس نے کہا کہ ویٹرنری یونیورسٹی لاہور پولٹری سائنس کانفرنس 2024 کا کامیاب بنانے کے لئے ہر ممکن تعاون کرنے کے لیے اہم اور پیش رفت اقدامات کرے گی۔ ڈاکٹر محمد یونس نے کہا کہ پولٹری سائنس کانفرنس میں ملک اور بیرون ملک سے متعلقہ شعبہ جات کے ماہرین شرکت کریں گے۔ ڈاکٹر محمد یونس نے کہا کہ یونیورسٹی کے شعبہ پولٹری سائنس کانفرنس کے انعقاد کے لئے ہر ممکن تعاون کرے گا۔ ڈاکٹر محمد یونس نے کہا کہ ویٹرنری یونیورسٹی لاہور پولٹری سائنس کانفرنس 2024 کے انعقاد کے لئے ہر ممکن تعاون کرے گا۔ ڈاکٹر محمد یونس نے کہا کہ ویٹرنری یونیورسٹی لاہور پولٹری سائنس کانفرنس 2024 کے انعقاد کے لئے ہر ممکن تعاون کرے گا۔

جنرل ہسپتال میں نرسز کو جدید خطوط پر تربیت دینے کیلئے ٹریننگ ورکشاپس کا آغاز

نرسز کو اسٹینڈرڈ اوپریٹنگ پروسیجرز (SoPs) کے مطابق تربیت فراہم کی جائیں گی: زمرد خرشید

لاہور (خبر نگار) پرنسپل پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹی ٹیوٹ پروفیسر ڈاکٹر محمد الفرید ظفری ہدایت پر میڈیسن کی عالمی معیار کے ایس او پیز کے مطابق طبی سہولیات کی فراہمی اور بہتر کلینکل اسٹ تقینی بنانے کیلئے لاہور جنرل ہسپتال میں نرسز کو جدید خطوط پر تربیت دینے کیلئے ٹریننگ ورکشاپس کا آغاز کر دیا گیا۔ اس سلسلے میں ڈپٹی چیف نرسنگ سپرنٹنڈنٹ زمرد خرشید نے بتایا کہ مختلف کورسز کے دوران نرسز کو اسٹینڈرڈ اوپریٹنگ پروسیجر (SoP) کے مطابق تربیت فراہم کی جائے گی تاکہ ان کی وزیر اعلیٰ پنجاب

ڈی آئی جی آپریشنز آفس / کھلی کچہری

لاہور پولیس انصاف کی فراہمی یقینی بنانے کیلئے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے، کامران فیصل

لاہور (خبر نگار، کرائم رپورٹر) شہریوں کی دادرسی کیلئے ڈی آئی جی آپریشنز دفتر میں روزانہ کی بنیاد پر کھلی کچہریوں کا سلسلہ جاری ہے۔ ڈی آئی جی آپریشنز محمد فیصل کامران نے کھلی کچہری میں آئے شہریوں کے مسائل سنے اور عوام الناس کی درخواستوں پر متعلقہ افسران کو احکامات جاری کئے۔ محمد فیصل کامران نے کہا کہ لاہور پولیس انصاف کی فراہمی یقینی بنانے کیلئے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے۔ ہمارا تخیر قانونی کارروائی سے متاثرہ شہریوں کو ریلیف فراہم کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے پولیس افسران کو ہیرٹ کی بالادستی یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ ڈی آئی جی آپریشنز نے کہا کہ شہریوں سے براہ راست ملاقات کا مقصد آگے مسائل تر جیحی بنیادوں پر حل کرنا ہے۔ کھلی کچہری میں آنے والے شہری قابل عزت ہیں، انغیر کسی سفارش کے میرے دفتر آسکتے ہیں۔

مانگا منڈی پولیس نے 02 رکنی ڈکیت گینگ گرفتار کر لیا

ڈکیتی کی وارداتوں میں ملوث سابقہ ریکارڈ یافتہ ملزمان علی شان اور علی رضا کو گرفتار کر لیا

لاہور (کرائم رپورٹر) مانگا منڈی پولیس نے 02 رکنی ڈکیت گینگ گرفتار کر لیا تفصیلات کے مطابق مانگا منڈی پولیس نے کارروائی کے دوران واردا توں میں ملوث سابقہ ریکارڈ یافتہ ملزمان علی شان اور علی رضا کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے چھینی گئی موٹر سائیکل، 30 ہزار روپے اور واردا توں میں استعمال ہونے والا اسلحہ 02 پستل اور گولیاں برآمد کر کے مقدمات درج کر لیے پولیس کا کہنا ہے کہ ملزمان گن پوائنٹ پر شہریوں کو لوٹتے اور فرار ہو جاتے تھے۔

نمازوں کے اوقات



صبح صادق	3:30
فجر	4:20
ظہر	1:30
عصر	5:30
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	8:30

فقہ جعفریہ
فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل، ظہرین 1:30 بجکہ مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

ایمرجنسی نمبرز

پولیس ایمرجنسی	15
آئی جی شکایت سیل	8787
ریلوے انکوائری	117
پی آئی اے	114

ہسپتالوں کے نمبرز

جناح ہسپتال	111-809-809
سروسز ہسپتال لاہور	99203407-25
میو ہسپتال لاہور	9921110-6
جنرل ہسپتال لاہور	99284092-8
پی آئی سی لاہور	111-786-786



جنرل ہسپتال میں نرسز کیلئے منعقدہ تربیتی کورس میں ڈی ای۔ این ایس زمرد خرشید کے ہمراہ گروپ فوٹو

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
روزنامہ قوت لاہور (3)9 جولائی 2024ء

وزیر بلدیات کی گوجرانوالہ سیوریج سسٹم کو اپ گریڈ کرنے کیلئے ماسٹر پلاننگ کی ہدایت

صوبائی وزیر بلدیات میاں ذیشان رفیق نے کمشنر گجرانوالہ ڈویژن نوید حیدر شیرازی اور ایم ڈی واسا کاشان حفیظ بٹ کے ہمراہ سمن آباد ڈسپوزل اسٹیشن، علی پور چوک ڈسپوزل اسٹیشن کا وزٹ کیا

گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال قوت بیورو) صوبائی وزیر بلدیات میاں ذیشان رفیق نے کمشنر گجرانوالہ ڈویژن نوید حیدر شیرازی اور ایم ڈی واسا کاشان حفیظ بٹ کے ہمراہ سمن آباد ڈسپوزل اسٹیشن، علی پور چوک ڈسپوزل اسٹیشن کا وزٹ کیا جس میں سیوریج اور مون سون کے نکاسی آب کے مسائل سے نمٹنے کے لیے خصوصی اقدامات کی ہدایت کی گئی۔ اس موقع پر صوبائی وزیر بلدیات اور کمشنر گوجرانولہ کا کہنا تھا کہ وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز صاحبہ کا واضح حکم ہے کہ بارش کے دنوں میں نالوں کی صفائی پر اپر ہو اور کوئی مین ہول کھلا نہ رہے جو کہ کسی بھی قسم کے جانی نقصان کی وجہ بن سکتا ہے، ایم ڈی واسا کو ہنگامی بنیادوں پر اپنی ٹیموں کو ڈیوٹی پر مامور رہنے کی بھی ہدایت کی اور مزید کہا کہ کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ صوبائی وزیر بلدیات ذیشان رفیق اور کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن گوجرانوالہ نوید حیدر شیرازی نے ہیڈ آفس واسا گوجرانوالہ کا دورہ بھی کیا۔ جہاں پر ایم ڈی واسا کاشان حفیظ بٹ نے واسا کے امور پر تفصیلی بریفنگ دی اور بتایا کہ شہریوں کو فراہمی و نکاسی آب کی معیاری سروسز مہیا کرنے کے لئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں اور شہریوں کی شکایات کا ازالہ ہنگامی بنیادوں پر کیا جارہا ہے۔ مون سون کے حوالے سے اتوار کو چھٹی کے روز بھی نکاسی آب کے کام بھرپور طریقے جاری ہیں ۔ ۔ صوبائی وزیر بلدیات اور کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن نے واسا کی کارکردگی کو سراہا۔ دوران بریفنگ وزیر بلدیات نے گوجرانوالہ کے واٹر سپلائی و سیوریج سسٹم کو اپ گریڈ کرنے کے لئے ماسٹر پلاننگ تیار کرنے کی ہدایت کی۔ قبل ازیں وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایات پر کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن نوید حیدر شیرازی، ڈی سی گوجرانوالہ محمد طارق قریشی نے ایم ڈی واسا کاشان حفیظ بٹ کے ہمراہ بارش کے بعد شہر کے مختلف مقامات کا دورہ کیا اور نکاسی آب کے کاموں کا جائزہ لیا۔



گوجرانوالہ۔ صوبائی وزیر بلدیات میاں ذیشان رفیق کمشنر گجرانوالہ ڈویژن نوید حیدر شیرازی اور ایم ڈی واسا کے ہمراہ علی پور چوک ڈسپوزل اسٹیشن کا وزٹ کر رہے ہیں جبکہ دوسری طرف ہیڈ آفس واسا کے دورے کے موقع پر ایم ڈی واسا صوبائی وزیر بلدیات اور کمشنر گوجرانوالہ کو واسا کے امور پر تفصیلی بریفنگ دے رہے ہیں۔

قبولہ بازار میں الائیڈ فارمیسی ویٹیسٹ لیبارٹری کا افتتاح کردیا گیا

فارمیسی پر آنے والے تمام کسٹمرز کو اعلیٰ کوالٹی کی میڈیسن ملیں گی، فارمیسی اونر



عارفوالا (نامہ نگار) فارمیسی کی دنیا میں ایک اور نام پاکستان کا سب سے بڑا اور قابل اعتماد نیٹ ورک الائیڈ فارمیسی سرجیکل اسٹور ز ٹیسٹ لیبارٹری کے اونر محمد عدیل، محمد عظیم چوہدری عارفوالا کے معروف تاجر محمد عرفان اور محمد عمران کے کزن کے ہمراہ پریس کلب عارفوالا رجسٹرڈ کے صدر چوہدری حاجی محمد اعجاز ایڈووکیٹ سمیت دیگر معززین شخصیات نے قبولہ بازار میں الائیڈ فارمیسی ویٹیسٹ لیبارٹری کا افتتاح کردیا افتتاح کے موقع فارمیسی کے اونر نے کہا کہ فارمیسی پر آنے والے تمام کسٹمرز کو اعلیٰ کوالٹی کی میڈیسن ملیں گی اور جدید مشینوں سے لیبارٹری میں ٹیسٹوں کی سہولیات ملیں گی افتتاح کے موقع پر قبولہ بازار سمیت شہر بھر سے کاروباری، انجمن تاجران سیاسی وسماجی شخصیات سمیت وکلاء اور صحافی تنظیموں کی شرکت افتتاح پر دعائے خیر کروائی گئی اور شرکاء میں مٹھائیاں تقسیم کی گئیں

چنیوٹ، حضرت سیدنا فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کی یاد میں سالانہ سیمینار کا انعقاد

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) مرکز ختم نبوت جامعہ عثمانیہ ختم نبوت مسلم کالونی چناب نگر کے زیر اہتمام ختم نبوت اسلامک سنٹر چناب نگر میں خلیفہ ثانی خسر پیغمبر ﷺ حضرت سیدنا فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کی یاد میں سالانہ سیمینار منعقد ہوا ج، سیمینار سے مقررین مولانا خلیل احمد اشرفی، مولانا محمد مغیرہ، قاری شبیر احمد عثمانی، مولانا احسن رضوان عثمانی، محمد حنیف مغل، قاری عبدالرحمان تبسم، قاری محمد یوسف، قاری ابوبکر، مولانا انس نعمان، مولانا عمر عثمان نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اصحاب ؓ رسول ﷺ کی پاکیزہ زندگیاں امت مسلمہ کیلئے مشعل راہ کی حیثیت رکھتی ہیں حضرت سیدنا فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کا عہد خلافت درخشندہ باب کی حیثیت رکھتا ہے، حکمرانوں کو خلفائے راشدین کی طرز پر حکومت کرنے کیلئے عملی اقدامات کرنے ہوں گے، نئے اسلامی سال کی آمد ہمیں صبر، استقامت، اور شجاعت کا سبق دیتی ہے۔ دین برحق کی خاطر طاغوت کے مقابلے میں ڈٹ جانا نئے اسلامی سال کی تمہید ہے۔ ہمیں اس موقع پر یہ عہد کرنا ہے کہ ہم اس سال کو نظام مصطفی کی حکمرانی اور ناموس مصطفی کی پاسبانی کی جدو جہد کا سال بنائیں گے اور نظریہ پاکستان کے تحفظ کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کریں گے۔ وہی سال، مہینہ اور دن قیامت کے دن قابل قدر ہوگا جس میں غلبہ دین اور فلاح عوام کیلئے زیادہ سے زیادہ جدوجہد موجود ہوگی، سیدنا فاروق اعظم عظیم صحابیؓ رسول ﷺ اور سچے عاشق رسول ﷺ تھے تمام صحابہؓ مرید رسول ﷺ ہیں ان کو یہ اعزاز حاصل ہے کہ وہ مکین گنبد خضریٰ خاتم النبیین ﷺ کے قدموں میں آرام فرما ہیں۔ جہاں ہر وقت اللہ تعالیٰ کی رحمتیں برس رہی ہیں سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے مولانا قاری شبیر احمد عثمانی نے کہا کہ اصحاب ؓ رسول ﷺ کی پاکیزہ زندگیاں امت مسلمہ کیلئے مشعل راہ کی حیثیت رکھتی ہیں۔

جہلم محرم الحرام کے دوران امن و امان برقرار رکھنے کے لیے 17 علما کی زبان بندی کا حکم نامہ جاری

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم ڈپٹی کمشنر سیدہ رملہ علی نے محرم الحرام کے دوران امن وامان برقرار رکھنے کے لیے 17 علما کی زبان بندی کا حکم نامہ جاری کر دیا۔ محرم الحرام کے دوران کسی عوامی اجتماع سے خطاب نہیں کر سکیں گے جن علما پر پابندی عائد کی گئی ہے ان میں حافظ طاہر محمود، حافظ عبدالحمید عامر، انجینئر محمد علی مرزا، عاصم اشفاق رضوی، اصغر علی بخاری، عامر مختار، امجد حسین رضوی، ملک اقرار حسین، قاضی آفتاب، قاضی صداقت عباس، ذاکر علی عباس، قاری اختر حسین، حافظ گلزار احمد، اعجاز ڈار، قاری ذیشان، حافظ بلال رضوی، سید فخر عباس شامل ہیں یہ اقدام عوام کے تحفظ اور امن وامان کی صورتحال برقرار رکھنے کے لیے لیا گیا ہے۔ تمام متعلقہ اداروں کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ اس حکم کی سختی سے پابندی کریں اور کسی بھی خلاف ورزی کی صورت میں فوری کارروائی کریں۔ عوام سے بھی اپیل ہے کہ وہ کسی بھی مشکوک سرگرمی کی اطلاع فوری طور پر انتظامیہ کو دیں تاکہ بروقت کارروائی کی جاسکے۔ عوام امن وامان کی بحالی کے لیے انتظامیہ کے ساتھ تعاون کریں۔ مذہبی تقریبات اور اجتماعات میں امن اور رواداری کو فروغ دیں۔

ضلع بھر میں یوم شہادت حضرت سیدنا عمر فاروقؓ نہایت ہی عقیدت واحترام سے منایا گیا

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) ضلع بھر میں یوم شہادت حضرت سیدنا عمر فاروقؓ نہایت ہی عقیدت واحترام سے منایا گیا۔ اس موقع پر مختلف مساجد میں علماء وخطباء نے امیر المومنین حضرت سیدنا عمر فاروقؓ کی خدمات کو زبردست خراج تحسین پیش کیا اور امت مسلمہ کے حکمرانوں پر زور دیا کہ وہ کفر کی بڑھتی یلغار کو روکنے کے لئے خلفائے راشدینؓ کے طرز حکمرانی کو اپنائیں۔ انہوں نے کہا کہ حضرت سیدنا عمر فاروقؓ نے جو اصلاحات کیں ان سے دنیا آج تک استفادہ کر رہی ہے۔

ضلع کونسل آفس کیجانب سے ڈی۔او۔آئی۔این۔ایس محمد ریاض کا خیر مقدم

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو چیف عامر جاوید) ڈسٹرکٹ آفیسر آئی۔ این۔ ایس محمد ریاض نے اپنے عہدے کا باضابطہ چارج سنبھال لیا اس موقع پر سپرنٹینڈنٹ ضلع کونسل سیالکوٹ محمد یونس چیمہ، پی۔ اے ٹو ڈسٹرکٹ آفس سیالکوٹ محمد احمد، سنیئر سب انجینئر ملک تصور حسین، سب انجینئر محمد عامر سہیل، علی بھائی، انچارج انجینئر برانچ ظفر اقبال چیمہ، ہیڈ کلرک برانچ محمد ندیم، سنیئر آفیسر ضلع کونسل سجاد حسین بھٹی، میاں محمد یوسف المعروف کمانڈو، کنٹریکٹر شمس دین، کنٹریکٹر شیر زمان خان، فیصل بٹ، ہمایوں مسیح سمیت تمام ملازمین نے انکے آفس میں انہیں مبارکباد دی اور مٹھائی پیش کی۔ اپنے مختصر پیغام میں کہا کہ ضلع کونسل سیالکوٹ میں اس پیشتر بھی فرائض منصبی سرانجام دے چکا ہوں مجھے خوشی ہے کہ دوبارہ شہر اقبال کے شہریوں کی خدمت کا موقع ملا ہے۔ محمد فیاض کا کہنا تھا آفیسران معہ عملہ کی محبتوں کا مشکور ہوں۔

جہلم مقامی فیکٹریز نے بجٹ میں لگائے ٹیکسوں، ڈیوٹیوں کے مطابق تمام اشیائے ضروریہ کی نئی قیمتیں مقرر کر کے فروخت شروع کردی

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم تمام نیشنل اور انٹرنیشنل کمپنیز سمیت مقامی فیکٹریز نے نئے بجٹ میں لگائے گئے ٹیکسوں، ڈیوٹیوں کے مطابق تمام اشیائے ضروریہ کی نئی قیمتیں مقرر کر کے فروخت شروع کردی، جس کے باعث پہلے ایک بوتل سے مہنگائی کا جن باہر نکلتا تھا اب تمام بند بوتلوں سے مہنگائی کے جنات فیملیز سمیت باہر آنا شروع ہو چکے ہیں۔ دالیں، چاول، بیکری سامان سمیت دیگر اشیاء کی قیمتیں بڑھا دی گئیں ہیں، سبزیوں میں مٹر، لیموں، ٹماٹر، ادرک لہسن، آلو پیاز بھی غریب متوسط طبقہ کی قوت خرید سے باہر ہو گئے ہیں۔ شہریوں نے چیزیں کلو کی بجائے پاؤ پاؤ خریدنا شروع کر رکھی ہیں، دس بیس کلو آٹے کے تھیلے کی بجائے پانچ کلو آٹا کی خریداری شروع کر دی ہے۔ دکانوں پر دال چنا، دال ماش، سفید چنے، سرخ لوبیا، چینی، چاول، گھی، ڈالڈا گھی و آئل بھی مہنگا فروخت ہونا شروع ہو گیا ہے۔ دودھ کے تمام سائز کے پیکٹ کی قیمتوں میں بھی اضافہ کر دیا گیا ہے۔ مہنگائی کو کنٹرول کرنے میں انتظامیہ مکمل بے بس دکھائی دیتی ہے جبکہ کاروباری تنظیموں کی طرف سے مسلسل احتجاج کے باوجود پرائس کنٹرول مجسٹریٹس سب اچھا ہے کی رپورٹ بھیجنے میں مصروف ہیں۔

جہلم حالیہ بجٹ میں پیکٹ دودھ کی قیمتوں میں ہوشربا اضافے پر شہریوں کا ردِعمل

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم حالیہ بجٹ میں پیکٹ دودھ کی قیمتوں میں ہوشربا اضافے پر شہریوں کا ردِعمل، دودھ کی قیمتوں میں 22 سے 23 فیصد اضافے کو یکسر مسترد کرتے ہوئے اضافہ واپس لینے کا مطالبہ کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق حالیہ بجٹ میں پیکٹ دودھ کی قیمتوں میں ہوشربا اضافے پر شہر کی سماجی، فلاحی اور شہری تنظیموں نے سخت احتجاج کرتے ہوئے، پیکٹ دودھ کی قیمتوں میں کیے جانے والے 22 سے 23 فیصد اضافے کو یکسر مسترد کرتے ہوئے کہا کہ قیمتوں میں اضافے کو واپس لیا جائے۔

عشرہ محرم الحرام انتظامات میں کوئی کمی نہ رہے کمشنر فیصل آباد

سلوت سعید کی محرم کی آمد سے قبل کئے گئے انتظامی وحفاظتی اقدامات کی جانچ پڑتال اور انہیں مزید چوکس کرنے کے حوالے سے ڈی سی آفس جھنگ میں اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت

فیصل آباد (مسعود احمد بھٹہ) محرم الحرام شروع ہوتے ہی کمشنر فیصل آباد سلوت سعید کے اضلاع کے دورے۔ محرم کی آمد سے قبل کئے گئے انتظامی وحفاظتی اقدامات کی جانچ پڑتال اور انہیں مزید چوکس کرنے کے حوالے سے ڈی سی آفس جھنگ میں اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کی۔ آر پی او ڈاکٹر محمد عابد خاں بھی ہمراہ تھے۔ کمشنر اور آر پی او نے عشرہ محرم الحرام کے حوالے سے انتظامات پر تفصیلی بریفنگ لی۔ ڈپٹی کمشنر جھنگ محمد عمیر اور ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد راشد ہدایت نے انتظامی وحفاظتی اقدامات سے آگاہ کیا۔ کمشنر نے کہا کہ عشرہ محرم الحرام کے حوالے سے سکیورٹی کے فول پروف انتظامات میں معمولی سا بھی خلاء باقی نہیں رہنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ کنٹرول روم یوم عاشور تک 24 گھنٹے فعال اور سٹاف کی موجودگی یقینی بنائیں۔ مرکزی جلوسوں کے روٹس اور اہم مجالس کے مقامات پر سی سی ٹی وی کیمروں کی تنصیب کا کام بلا تاخیر مکمل کر لیا جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ مانیٹرنگ کے عمل میں کوئی اہم مقام اوجھل نہیں ہونا چاہیے۔ ہیلتھ، ریسکیو 1122، میونسپل کمیٹی و دیگر محکموں کو ڈیوٹیاں سونپیں اور کڑی نگرانی ہونی چاہیے۔ کمشنر نے کہا کہ جلوسوں کے روٹس پر صفائی کے مثالی انتظامات ہونے چاہئیں۔ حضرت سخی سلطان باہو کے عرس کی تقریبات کے حوالے سے سکیورٹی سمیت تمام انتظامات ہر لحاظ سے مکمل کئے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ محرم الحرام جلوسوں کے روٹس پر سبیلوں کو چیک کرنے کے لئے پنجاب فوڈ اتھارٹی کی ٹیموں کو متحرک رکھا جائے۔ انہوں نے کہا کہ جلوسوں کے روٹس پر سیوریج سسٹم کی بحالی ناگزیر ہے۔ ممکنہ بارشوں کی صورت میں میونسپل کمیٹی کا عملہ فیلڈ میں نکاسی آب کے کاموں پر مامور ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ ضلع بھر میں امن وامان کا قیام ترجیح ہے۔ امن کمیٹی کے ارکان سے قریبی رابطہ رکھیں جبکہ ارکان اسمبلی کو بھی محرم الحرام انتظامات اور دوران وزٹس ہمراہ رکھا جائے۔ آر پی او نے حفاظتی انتظامات کو باریک بینی سے چیک کیا اور کہا کہ جلوسوں کے روٹس پر واقع چھتوں پر سکیورٹی ڈیوٹی یقینی بنائی جائے۔ جلوس ومجالس میں شریک ہونے والوں کی متعلقہ ایس او پیز کے تحت جامع تلاشی یقینی بنائیں۔ تمام سکیورٹی آلات اور واک تھرو گیٹس فعال رکھیں۔

محرم الحرام کے حوالے سے ریسکیو کور پلان جاری کردیا، محمد اکرم پنوار

A کیٹیگری اور B کیٹیگری کی مجالس اور جلوسوں کو مکمل ریسکیو کور مہیا کیا جائے گا



ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) ضلعی ہیڈ کوارٹر ز پنجاب ایمرجنسی سروس ریسکیو 1122 ننکانہ صاحب میں محرم الحرام کے تناظر میں ایک میٹنگ کا انعقاد کیا گیا جس کی صدارت ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر محمد اکرم پنوار نے کی۔ میٹنگ میں تمام ریسکیو آفیسرز، انچارجز اور میڈیا کوارڈینیٹر علی اکبر بھی موجود تھے۔ ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر محمد اکرم پنوار نے کہا کہ محرم الحرام کے حوالے سے جاری کردہ ریسکیو کور پلان کے مطابق افسران اور ریسکیورز اپنی ڈیوٹیاں بطریق احسن سرانجام دیں۔ ضلع بھر کی تمام تحصیلوں میں A کیٹیگری اور B کیٹیگری کی مجالس اور جلوسوں کو مکمل ریسکیو کور مہیا کیا جائے گا۔ تحصیل کی سطح پر ریپڈ ریسکیو ریسپانس ٹیمیں ہمہ وقت ریسکیو سروسز کے لئے ریسکیو اسٹیشن پر موجود رہیں گی اور موبائل پوسٹیں جلوسوں کے ساتھ ساتھ ریسکیو سروسز کو یقینی بنائیں۔ محرم الحرام میں 285 ریسکیو افسران و، ریسکیورز، موٹر بائیک ریسکیو سروس اور 130 ریسکیو محافظ ڈیوٹی سرانجام دیں گے۔ ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر محمد اکرم پنوار نے ریسکیورز سے خطاب کرتے ہوئے کہا محرم الحرام کی غیر معمولی اہمیت اور حساسیت کے پیش نظر برداشت، مذہبی رواداری، احترام، امن اور فرض کی ادائیگی کو اپنائیں اور انتظامیہ کے ساتھ بہتر کوارڈینیشن کو یقینی بنائیں۔

ای فائلنگ اینڈ آفس مینجمنٹ سسٹم کے نفاذ کیلئے تقریب کا انعقاد

میٹنگ میں محمد زمان وٹو ممبر ٹیکسز بورڈ آف ریونیو، محمد وسیم بھٹی و دیگر کی شرکت

گوجرانولہ (رانا ظفر اقبال قوت بیورو) پنجاب لینڈ ریکارڈز اتھارٹی ہیڈ کوارٹر لاہور میں ای فائلنگ اینڈ آفس مینجمنٹ سسٹم کے نفاذ کے لیے تقریب کا انعقاد، پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ کے زیر اہتمام پلرا میں ای فائلنگ سسٹم کا نفاذ اور ای سٹامپ سسٹم کی منتقلی کے معاہدات پر دستخط۔ بمطابق ترجمان، ڈائریکٹر جنرل پنجاب لینڈ ریکارڈز اتھارٹی اکرام الحق کی ہدایت پر ای فائلنگ/ای سٹامپ سسٹم کی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ جس میں محمد زمان وٹو ممبر ٹیکسز بورڈ آف ریونیو اور پی آئی ٹی بی کی طرف سے محمد وسیم بھٹی، ڈائریکٹر جنرل گورنمنٹ ڈیجیٹل سروسز، سید حماد حسن ہمدانی ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل اور دیگر ممبران نے شرکت کی۔ جبکہ پلرا کی جانب سے ایڈیشنل ڈائریکٹر لیگل جنرل ایڈمن وٹیکنیکل اور تمام ڈائریکٹرز نے شرکت کی۔ پنجاب لینڈ ریکارڈز اتھارٹی کی جانب سے پلرا ہیڈ کوارٹر میں ای فائلنگ سسٹم کے نفاذ سے تمام فائلنگ سسٹم کو ڈیجیٹائز کیا جائے گا جس سے نا صرف فائلنگ سسٹم میں شفافیت وضع ہو گی بلکہ ریکارڈ کی رسائی کو بھی آسان اور محفوظ بنایا جاسکے گا۔ ڈائریکٹر جنرل پنجاب لینڈ ریکارڈز اتھارٹی اکرام الحق کا کہنا ہے ایڈمنسٹریشن سسٹم کو جدید خطوط پر استوار کرنے اور خدمات کو بین الاقوامی معیار سے ہم آہنگ کرنے کے لیے پلرا میں جدید ٹیکنالوجی اور ایڈوانس سافٹ ویئر کے استعمال کو یقینی بنایا جارہا ہے۔

حسن علی وفراز اکرم اعوان قائدانہ صلاحیتوں کے حامل، وقاص اکرم

سابق نائب صدر سیالکوٹ چیمبر عامر حمید بھٹی کی سیال چیئرمین وائس چیئرمین کو مبارکباد



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو چیف عامر جاوید) معروف بزنس مین و سابق صدر ایوان صنعت وتجارت عامر حمید بھٹی، سابق سنیئر نائب صدر سیالکوٹ چیمبر وقاص اکرم اعوان وسابقہ میئر سیالکوٹ توحید اختر نے نومنتخب چیئرمین سیالکوٹ انٹرنیشنل ایئر پورٹ حسن علی بھٹی و وائس چیئرمین سیالکوٹ انٹرنیشنل ایئر پورٹ فراز اکرم اعوان کو ان کے عہدے سنبھالنے پر مبارکباد دی اور نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ اس موقع پر سابقہ میئر سیالکوٹ توحید اختر چوہدری وسابقہ وائس چیئرمین سیال افضل شاہین سنیئر صحافی وانیکر پرسن خواجہ عامر جاوید روزنامہ قوت، محمد عمر بٹ و سمبڑیال پریس کلب ممبر میاں شرف قادری بھی موجود تھے۔ نومنتخب چیئرمین و وائس چیئرمین سیالکوٹ انٹرنیشنل ایئر پورٹ نے کہا کہ یہ عہدے ہمارے لئے باعث عزت وافتخار ہیں اور کوشش ہوگی کہ اپنے عہدوں کیساتھ بھرپور انصاف کرتے ہوئے فرائض منصبی انجام دہی کریں۔ وائس چیئرمین سیال فراز اکرم اعوان نے کہا کہ احباب کی نیک خواہشات کے شکر گزار ہیں اور انشاء اللہ بزنس کمیونٹی کے پرائیویٹ سیکٹر کے پہلے سیالکوٹ انٹرنیشنل ایئر پورٹ کو مزید ترقی کی منازل طے کرانے میں اپنی بہترین صلاحیتوں کو بروئے کار لایا جائے گا۔

ماڈل ٹاؤن سوسائٹی میں ترقیاتی کام تیزی سے جاری ہیں

محمد خالد وسیم وعدوں کے پاسدار ہیں. ممبران ماڈل ٹاؤن سوسائٹی



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو چیف عامر جاوید) الیکشن کے دوران کیے گئے وعدوں کی پاسداری کے لیے تمام تر وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں ہماری کاوشیں ممبران کے مفاد عامہ کے لیے جاری ہیں اور ممبران سے توقعات ہیں کہ وہ اپنی مثبت رائے اور اپنے بقایا جات کو بروقت ادا کریں تاکہ ترقیاتی کاموں کی تکمیل جلد از جلد ممکن ہو سکے ان خیالات کا اظہار انہوں نے ممبران ماڈل ٹاؤن سوسائٹی سے گفتگو کرتے ہوئے کیا محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے کہا کہ الیکشن کے دوران جو وعدے کیے گئے تھے اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے ان کو پورا کرنا ہماری اولین ذمہ داری ہے ماڈل ٹاؤن سوسائٹی اپنا گھر ہے اس کو مثالی بنانے کے لیے دن رات جدوجہد جاری ہے۔ ماڈل ٹاؤن اگوکی فیز 1 و ماڈل ٹاؤن پسرور روڈ فیز نو گنہ کلاں میں ممبران سوسائٹی کی خدمت جاری ہے۔

ڈی پی او چنیوٹ نے اوپن ڈور پالیسی کے تحت لوگوں کے مسائل سنے

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبداللہ احمد نے اوپن ڈور پالیسی کے تحت لوگوں کے مسائل سنے۔ ڈی پی او نے درخواستیں متعلقہ افسران کو مارک کر کے مختص کردہ ٹائم میں دادرسی یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ ڈی پی او نے کمپلینٹ سیل افسران کو درخواستوں کا فالو اپ لے کر رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت کی۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے ڈی پی او عبداللہ احمد کا کہنا تھا کہ انسپکٹر جنرل آف پولیس، پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کے وژن کے مطابق تھانہ کلچر میں تبدیلی، پبلک سروس ڈیلوری میں بہتری کیلئے تمام ممکن اقدامات کئے جارہے ہیں۔ ضلع بھر کے تمام تھانوں میں جدید ٹیکنالوجی کو بروئے کار لاتے ہوئے شہریوں کی سہولت کیلئے اقدامات کیے گئے ہیں اور لوگوں کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جارہے ہیں۔ فیلڈ افسران کو ہدایات جاری کی گئی ہیں کہ کسی بھی مسئلہ کی صورت میں آنے والے شہریوں کیساتھ اچھے اخلاق سے پیش آکر ان کا مسئلہ جلد از جلد حل کیا جائے اور بلاوجہ انتظار نہ کروایا جائے۔

مون سون بارشوں سے پہلے ہی شہر کے متعدد علاقے معمولی بارشوں کے بعد جوہڑ میں تبدیل ہو گئے

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) مون سون بارشوں سے پہلے ہی شہر کے متعدد علاقے معمولی بارشوں کے بعد جوہڑ میں تبدیل ہو گئے۔ جبکہ ضلعی انتظامیہ کی جانب سے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی جانب سے قائم کئے گئے مون سون ایمرجنسی کیمپ بیکار ثابت ہونے لگے۔ تفصیلات کے مطابق وزیر اعلیٰ کی ہدایت پر ضلع کی تمام میونسپل کمیٹیوں میں مون سون ایمرجنسی کیمپ قائم کر کے وہاں پر عملہ تعینات کیا گیا لیکن حافظ آباد کی میونسپل کمیٹی کی پانی کھینچنے والی کئی موٹریں اور پیٹر انجن اب بھی خراب پڑے ہیں، جس کی وجہ سے گذشتہ دنوں کی معمولی بارشوں کے بعد اب بھی شہر کے متعدد علاقے جن میں جگا نوالہ روڈ، کشمیر نگر، حسن ٹاؤن، مبارک کالونی و دیگر میں کئی کئی فٹ پانی کھڑا ہے، جہاں سے علاقہ مکینوں کا اپنے گھروں سے باہر نکلنا محال بنا ہوا ہے، لیکن ان علاقوں سے مون سون ایمرجنسی کیمپ بھی پانی نکالنے میں مدد گار ثابت نہ ہو سکے ہیں۔ جس پر شہریوں نے شدید غم وغصہ کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ مون سون بارشوں سے پہلے ہی شہر کے متعدد علاقے گندے جوہڑوں کے مناظر پیش کر رہے ہیں اگر شدید بارشیں ہوتی ہیں تو پھر شہر کی حالت کیا ہوگی۔

یکم محرم الحرام کے جلوسوں اور مجالس کیلئے فول پروف سکیورٹی کا پلان جاری

2149 سے زائد افسران واہلکاران فرائض منصبی سرانجام دیں گے

فیصل آباد (میاں محمد ساجد) سٹی پولیس آفیسر ڈی آئی جی کامران عادل کی ہدایت پر یکم محرم الحرام کے جلوسوں اور مجالس کے لئے فول پروف سکیورٹی کا پلان جاری تفصیلات کے مطابق سٹی پولیس آفیسر ڈی آئی جی کامران عادل کی ہدایت پر یکم محرم الحرام کے جلوسوں اور مجالس کے لئے سکیورٹی پلان جاری کر دیا گیا ہے جس کے مطابق 2149 سے زائد افسران واہلکاران فرائض منصبی سرانجام دیں گے۔ یکم محرم الحرام کو ضلع بھر میں 172 مجالس اور 06 جلوس نکالے جائیں گے جن میں جڑانوالہ ڈویژن میں سب سے زیادہ 52 مجالس، اقبال ڈویژن میں 45، صدر ڈویژن میں 32، مدینہ ڈویژن میں 29 اور لائل پور ڈویژن میں 14 مجالس کا اہتمام ہوگا جبکہ اقبال ڈویژن میں سب سے زیادہ 04 جلوس، مدینہ ڈویژن میں 01 اور لائل پور ڈویژن میں بھی 01 جلوس نکالا جائیگا۔ جن کی سکیورٹی کے لئے 05 ایس پیز، 18 ڈی ایس پیز، 22 انسپکٹر، 47 سب انسپکٹر، 259 اے ایس آئی، ہیڈ کانسٹیبلان 113 اور 1690 کانسٹیبلان ولیڈی کانسٹیبلان تعینات کئے گئے ہیں۔ جبکہ ایلیٹ ٹیمیں شہر کے گردونواح میں مسلسل گشت کرتی رہیں گی۔ جلوسوں کے لئے 04 پرت حصار قائم کئے گئے ہیں جن میں سب سے پہلے والنٹیرز کے ذریعے بندے کی شناخت اور سرچ کی جائے گی، دوسرے مرحلے میں خواتین وحضرات مجلس کے لئے ایک راستے سے داخل ہوسکیں گے، تیسرے مرحلے میں واک تھرو گیٹ میٹل ڈیٹکٹر سے سویپنگ کی جائے گی جبکہ چوتھے اور آخری مرحلے میں عبادت گاہوں کے ہال میں بھی سکیورٹی تعینات کی جائے گی تاکہ محرم الحرام میں امن وامان کو یقینی بنایا جاسکے۔

محرم الحرام کے سلسلہ میں سالانہ مجلس عزاتین محرم الحرام کو گرلز ڈگری کالج شرقپور میں منعقد ہوگی

شرقپور شریف (تحصیل رپورٹر) محرم الحرام کے سلسلہ میں سالانہ مجلس عزا بسلسلہ شہادت نواسہ رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) حضرت امام حسین (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) وشہدائے کربلا کل مورخہ تین محرم الحرام کو بمقام مین سرکلر روڈ بلمقابل گرلز ڈگری کالج شرقپور میں منعقد ہوگی جو صبح 9 بجے سے شروع ہو کر شام سات بجے تک جاری رہے گی، جس کے انتظامی امور زوار حاجی مجاہد حسین کھوکھر، حیدر علی کھوکھر اور پیغام حسین کھوکھر سرانجام دیں گے اس مجلس میں ملک کے معروف علماء اور ذاکرین خطاب فرمائیں گے، مجلس کے اختتام پر علم پاک وشبیہ جھولا شہزادہ حضرت علی اصغر (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) برآمد ہوگا اور مجلس میں آنے والے عزاداروں کی لنگر سے تواضع بھی کی جائے گی۔

شہید غلام حیدر وائیں کا نام استعمال کر کے من گھڑت کہانیاں بنا کر وائرل کرنا غیر مناسب حرکت، ڈاکٹر غزالہ شاہین



میاں چنوں (تحصیل رپورٹر) شہید غلام حیدر وائیں سابق وزیر اعلیٰ پنجاب کا نام استعمال کر کے غلط من گھڑت کہانیاں بنا کر وائرل کرنا انتہائی غیر مناسب حرکت ہے ایسی حرکات سے وائیں شہید کے خاندان اور ان کے چاہنے والوں کو دلی افسوس ہوا ڈاکٹر غزالہ شاہین وائیں تفصیلات کے مطابق ڈویژنل جنرل سیکرٹری پاکستان مسلم لیگ ن خواتین ونگ ملتان ڈویژن ڈاکٹر غزالہ شاہین وائیں سیاسی جانشین شہید غلام حیدر وائیں این اے ڈاکٹر غزالہ شاہین وائیں جنرل سیکرٹری پاکستان مسلم لیگ ن خواتین ونگ ملتان ڈویژن قانونی ٹیم سے مشاورت کے بعد کارروائی کرے گی غلام حیدر وائیں کی شہادت کے 30 سال بعد ایسی بے ہودہ کوشش کرنے والے افراد وائیں شہید کی شہرت عزت کو نقصان پہنچانے کی ناکام کوشش کی ہے۔ پاکستان میں تاریخ ساز منصوبے بنائے جس سے پاکستانی عوام آج تک فیض یاب ہو رہے ہیں۔ گذشتہ دنوں کسی غیر ذمہ دار سوشل میڈیا ٹنک ٹاکر نے شہید غلام حیدر وائیں اور سکندر حیات بوسن کے جھگڑے کا سیاق و سباق سے ہٹ کر ذکر کیا جو مکمل جھوٹ

DAILY QUWAT
ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

پیارے نبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی پیاری پیاری باتیں!!!!

ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم (مکہ میں فتح مکہ کے موقع پر) پندرہ دن ٹھہرے اور برابر قصر کرتے رہے۔ اس لیے ہمیں دن کے سفر میں ہم بھی قصر کرتے رہتے اور اس سے آگے زیادہ ہو جاتے تو پوری نماز پڑھتے تھے۔ حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ہم مکہ کے ارادہ سے مدینہ سے نکلے تو برابر نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم دو دو رکعت پڑھتے رہے۔ یہاں تک کہ ہم مدینہ واپس آئے۔ میں نے پوچھا کہ آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کا مکہ میں کچھ دن قیام بھی رہا تھا؟ تو اس کا جواب انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے یہ دیا کہ دس دن سے بھی زیادہ ٹھہرے۔ عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم ابوبکر اور عمرؓ کے ساتھ منیٰ میں دو رکعت (یعنی چار رکعت والی نمازوں میں) قصر پڑھی۔ عثمانؓ کے ساتھ بھی ان کے دور خلافت کے شروع میں دو ہی رکعت پڑھی تھیں۔ لیکن بعد میں آپؓ نے پوری پڑھی تھیں۔ وہب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آپ نے فرمایا کہ ہم کو نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے منیٰ میں امن کی حالت میں دو رکعت نماز پڑھائی تھی۔ ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم صحابہ کو ساتھ لے کر تلبیہ کہتے ہوئے ذی المجد کی چوٹی تک تشریف لے گئے۔

(مکہ میں) تشریف لانے کے بعد آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا کہ جن کے پاس ہدی نہیں وہ بجائے حج کے عمرہ کی نیت کر لیں اور عمرہ حاصل کر کے حلال ہو جائیں پھر جن کے پاس ہدی ہے وہ احرام باندھیں۔ اس حدیث کی متابعت طاؤس نے جابر سے کی ہے۔ عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم کا یہ فرمان نقل کیا تھا کہ عورتیں جس دن کا سفر شروع کریں گے بغیر ذی محرم کے۔ ابوبریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا کہ کسی عورت کے لیے جو اللہ اور اس کے رسول پر ایمان رکھتی ہو جائز نہیں کہ ایک دن رات کا سفر بغیر کسی ذی محرم کے کرے۔ انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا کہ عورت کو مدینہ منورہ میں ظہر کی چار رکعت پڑھی اور ذوالحلیفہ میں عصر کی دو رکعت پڑھی۔ عبداللہ بن عمرؓ سے خبر دی ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کو دیکھا جب جلدی ہوتی تو آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم مغرب کی نماز دیر سے پڑھتے یہاں تک کہ مغرب اور عشاء ایک ساتھ ملا کر پڑھتے۔ سالم نے کہا کہ ابن عمرؓ مزدلفہ میں مغرب اور عشاء ایک ساتھ جمع کر کے پڑھتے تھے۔ سالم نے کہا کہ ابن عمرؓ نے مغرب کی نماز میں دن میں پڑھی جب انہیں ان کی بیوی صفیہ بنت ابی عبید کی سخت بیماری کی اطلاع ملی تھی (چلتے ہوئے) میں نے کہا کہ نماز! (یعنی جلدی ختم ہونا چاہئے) لیکن آپ نے فرمایا کہ چلے چلو پھر دوبارہ میں نے کہا کہ نماز! آپ نے پھر فرمایا کہ چلے چلو اس طرح جب ہم دو یا تین میل چل لگے تو آپ اترے اور نماز پڑھی پھر فرمایا کہ میں نے خود دیکھا کہ جب کبھی نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم کو میں نے کسی کام میں جلدی


قوت
SPORTS



لاہور: سپورٹس بورڈ کے زیر اہتمام نشتر سپورٹس کیمپس میں کوچ بچوں کو آرچری کی تربیت دے رہے ہیں

اگلے سال پاکستان میں ہونے والی آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی کا مجوزہ شیڈول سامنے آگیا

چیمپئنز ٹرافی کا افتتاحی میچ 19 فروری کو کراچی میں پاکستان اور نیوزی لینڈ کے درمیان ہوگا، رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) اگلے سال پاکستان میں ہونے والی آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی کا مجوزہ شیڈول سامنے آگیا۔ ذرائع کے مطابق پی سی بی نے گزشتہ ہفتے چیمپئنز ٹرافی کی تاریخوں کا اعلان کیا تھا جس کے مطابق ایونٹ کا 19 فروری سے 9 مارچ تک پاکستان میں انعقاد کا اعلان کیا گیا تھا۔ میڈیا میں یکم مارچ کو پاک بھارت میچ اور بھارت کے تمام گروپ میچز لاہور میں ہونے کا پہلے سے ہی رپورٹ ہو چکا ہے تاہم ذرائع کے مطابق آئی سی سی کے اعلان سے پہلے اب چیمپئنز ٹرافی کا تفصیلی شیڈول منظر عام پر آ گیا ہے۔ مجوزہ شیڈول کے مطابق پاکستان، بھارت نیوزی لینڈ اور بنگلا دیش گروپ اے میں شامل ہیں جبکہ آسٹریلیا، انگلینڈ، جنوبی افریقا اور افغانستان گروپ بی میں شامل ہیں۔ میزبان پاکستان ٹیم تینوں وینیوز لاہور، کراچی اور راولپنڈی میں گروپ میچز کھیلے گی۔ چیمپئنز ٹرافی کا افتتاحی میچ 19 فروری کو کراچی میں پاکستان اور نیوزی لینڈ کے درمیان ہوگا۔ 20 فروری کو لاہور میں بھارت اور بنگلا دیش کی ٹیمیں آمنے سامنے ہوں گی۔ 21 فروری کو کراچی میں افغانستان اور جنوبی افریقا کا میچ ہوگا، 22 فروری کو لاہور میں آسٹریلیا اور انگلینڈ کی ٹیمیں مدمقابل ہوں گی۔ 23 فروری کو لاہور میں بھارت اور نیوزی لینڈ کا میچ ہوگا، پاکستان اور بنگلا دیش 24 فروری کو راولپنڈی میں میچ کھیلیں گی۔ 25 فروری کو لاہور افغانستان اور انگلینڈ کے میچ کی میزبانی کرے گا، 26 فروری کو راولپنڈی میں آسٹریلیا اور جنوبی افریقا کا میچ ہوگا۔ 27 فروری کو لاہور میں بنگلا دیش اور نیوزی لینڈ کا میچ ہوگا، 28 فروری کو راولپنڈی میں افغانستان اور آسٹریلیا کی ٹیمیں میچ کھیلیں گی جبکہ یکم مارچ کو پاکستان اور بھارت کی ٹیموں کے درمیان میچ لاہور میں ہوگا۔ 2 مارچ کو راولپنڈی میں جنوبی افریقا اور انگلینڈ کا میچ ہوگا۔ 5 مارچ کو پہلا سیمی فائنل کراچی جبکہ دوسرا سیمی فائنل 6 مارچ کو راولپنڈی میں رکھا گیا ہے۔ 9 مارچ کو چیمپئنز ٹرافی کا فائنل لاہور میں ہوگا۔



جیمز اینڈرسن انٹرویو میں سوالات کے جوابات دیتے ہوئے

ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ کی فاتح بھارتی ٹیم کیلئے انڈین بورڈ کی جانب سے انعامی رقم کا اعلان



ممبئی (این این آئی) ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ کی فاتح بھارتی ٹیم کیلئے انڈین بورڈ کی جانب سے انعامی رقم کا اعلان کر دیا گیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق بھارتی بورڈ کے سیکریٹری جے شاہ نے فاتح ٹیم کے لیے 125 کروڑ بھارتی روپے کا اعلان کیا کس کو کتنے کروڑ روپے ملیں گے تفصیلات سامنے آ گئیں۔ جس کے مطابق انعامی رقم 42 اراکین میں تقسیم کی جائے گی، بھارتی اسکواڈ میں 15 کھلاڑیوں سمیت سپورٹ اسٹاف، ریزروز اور دیگر 42 افراد شامل تھے۔ انعامی رقم میں سے ہر کسی کو اس کے رول کے مطابق حصہ دیا جائے گا، 15 رکنی اسکواڈ کو یکساں طور پر 5، 5 کروڑ روپے دیے جائیں گے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق ہیڈ کوچ راہول ڈریوڈ کو بھی 5 کروڑ روپے ملیں گے جبکہ سپورٹ اسٹاف کے اراکین کو ڈھائی ڈھائی کروڑ روپے دیے جائیں گے اور سلیکشن کمیٹی کے اراکین کو ایک ایک کروڑ روپے ملیں گے۔ تین فزیو تھراپسٹ، تین تھرو ڈاؤن اسپیشلسٹس، دو مساجر اور اسٹرنتھ اینڈ کنڈیشنگ کوچ کو دو دو کروڑ روپے ملیں گے جبکہ 4 ریزرو کھلاڑیوں کو بھی ایک ایک کروڑ روپے مل رہے ہیں۔ انعامی رقم کی تقسیم کے حوالے سے تمام کرکٹرز کو آگاہ کر دیا گیا ہے۔

ڈومیسٹک کرکٹ کا معیار بہتر کرنے کیلئے محسن نقوی کے وژن پر کام کا آغاز

لاہور (رپورٹ: محمد بابر) پاکستان کرکٹ بورڈ نے پہلی بار ملک کے 16 ریجنز کے 104 اضلاع میں فٹنس ٹیسٹ کرانے کا فیصلہ کیا ہے۔ ملک بھر میں جاری فٹنس ٹیسٹ میں 2300 سے زائد کھلاڑی شرکت کر رہے ہیں۔ یہ ٹیسٹ گراس روٹ لیول پر فٹنس کے کلچر کو شامل کرنے کے چیئرمین پی سی بی محسن نقوی کے وژن کے مطابق کرائے جا رہے ہیں۔ ریجنل انٹر ڈسٹرکٹ سینئر ٹورنامنٹ 2024-25 کے لیے اسکواڈز کو جمع کرنے کے لیے اپریل اور مئی 2024 میں ہونے والے چیلنج کپ کے بعد ہر ضلع کے 23 کھلاڑیوں کو شارٹ لسٹ کیا گیا ہے۔ ہر ضلع میں یہ 23 کھلاڑی متعلقہ ضلع اور علاقائی کوچز کی نگرانی میں سخت فٹنس اور اسٹرینتھ کے عمل سے گزر رہے ہیں۔ فٹنس ٹیسٹ پاس کرنے کے بعد کھلاڑیوں کو ان کے متعلقہ اضلاع میں 45 روزہ کیمپ کے لیے بلایا جائے گا جس کے بعد ستمبر میں انٹر ڈسٹرکٹ سینئر ٹورنامنٹ ہوگا۔ عبداللہ خرم نیازی، ڈائریکٹر ڈومیسٹک کرکٹ آپریشنز کا کہنا ہے کہ پی سی بی نے اس ڈومیسٹک سیزن میں ریجنل سطح کے بجائے ڈسٹرکٹ سطح پر فٹنس ٹیسٹ کرانے کا فیصلہ کیا ہے۔ یہ اقدام یقینی طور پر کھلاڑیوں کو شروع سے ہی اپنی فٹنس کو ترجیح دینے پر مجبور کرے گا اور اس کے بعد یہ کلچر دوسرے ڈومیسٹک مقابلوں تک پھیلے گا۔ ٹورنامنٹ میں مزید فٹ کھلاڑیوں کی شرکت سے کرکٹ کا معیار بھی بلند ہوگا۔

بالی ووڈ اداکارہ سے شادی کے حوالے سے بھارتی کرکٹر کُلدیپ یادیو کا بڑا انکشاف

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ اداکارہ سے شادی کے حوالے سے بھارتی کرکٹر کُلدیپ یادیو نے بڑا انکشاف کر دیا گیا۔ ایک انٹرویو کے دوران کُلدیپ یادیو نے اپنی ذاتی زندگی پر کھل کر بات کی۔ انہوں نے اپنی شادی کے حوالے سے بات کی تاہم انہوں نے کہا کہ وہ کسی بالی ووڈ اداکارہ سے شادی نہیں کریں گے۔ کُلدیپ یادیو نے کہا کہ شادی کے حوالے سے آپ کو جلد ہی اچھی خبر ملے گی تاہم میں جس سے شادی کر رہا ہوں وہ اداکارہ نہیں ہوں گی۔ انہوں نے کہا کہ شادی اس لڑکی سے کروں گا جو میرا اور میرے خاندان کا خیال رکھ سکے۔ ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ جیتنے کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے کُلدیپ یادیو نے کہا کہ ہم بہت خوش ہیں، ہم طویل عرصے سے اس کا انتظار کر رہے تھے، ورلڈ کپ لانا بہت خوشی کی بات ہے۔

مشتاق احمد نے انگلینڈ میں کوچنگ کی ذمے داریاں سنبھال لیں

لندن (این این آئی) پاکستان کے سابق لیگ اسپنر مشتاق احمد نے انگلینڈ میں کوچنگ کی ذمے داریاں سنبھال لیں۔ مشتاق احمد دو روز قبل انگلینڈ پہنچے اور گزشتہ روز کوچنگ کا آغاز کیا، ان کو انگلینڈ کے انڈر 19 کوچنگ پینل میں شامل کیا گیا۔ سابق لیگ اسپنر مشتاق احمد نوجوان بولروں کے ساتھ انگلینڈ ٹیم کے بولروں کے ساتھ بھی کام کریں گے، وہ ماضی میں انگلینڈ کرکٹ ٹیم کے ساتھ کام کر چکے ہیں۔ اس حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے مشتاق احمد نے کہا کہ انگلینڈ میں دوبارہ ذمے داریاں سنبھالنے پر پُرجوش ہوں، اب نوجوانوں کے ساتھ کام کرنے کا موقع مل رہا ہے۔ مشتاق احمد نے بتایا کہ ریحان احمد سمیت انگلینڈ کے دیگر بولروں کے ساتھ بھی کام کروں گا۔

ورلڈ چیمپئن شپ آف لیجنڈز، پاکستان چیمپئنز نے انگلینڈ کو 79 رنز سے شکست دے دی



برمنگھم (این این آئی) ورلڈ چیمپئن شپ آف لیجنڈز میں پاکستان چیمپئنز نے انگلینڈ چیمپئنز کو 79 رنز سے شکست دے کر ایونٹ میں مسلسل چوتھی کامیابی اپنے نام کر لی۔ برطانیہ کے شہر برمنگھم کے ایجیسٹن اسٹیڈیم میں ورلڈ چیمپئن شپ آف لیجنڈز 2024 کے ایک ٹی 20 میچ میں پاکستان نے انگلینڈ کو 89 رنز سے ہرا دیا۔ انگلینڈ نے ٹاس جیت کر پہلے فیلڈنگ کا فیصلہ کیا، پاکستان نے پہلے بلے بازی کرتے ہوئے انگلینڈ کو جیت کے لیے 195 رنز کا ہدف دیا۔ پاکستان کی جانب سے صہیب مقصود نے 64 اور آل راؤنڈر شعیب ملک نے 51 رنز کی شاندار اننگز کھیلی، اس کے علاوہ مصباح الحق نے 23 اور عبدالرزاق نے 20 رنز بنائے۔ جواب میں انگلینڈ کی پوری ٹیم 117 رنز بنا سکی اور پاکستان چیمپئنز نے انگلینڈ چیمپئنز کو 79 رنز سے شکست دے دی۔ پاکستان چیمپئنز کی یہ ایونٹ میں مسلسل چوتھی کامیابی ہے، اس سے قبل پاکستان کی ٹیم آسٹریلیا، بھارت اور ویسٹ انڈیز کو شکست دے کر 8 پوائنٹس کے ساتھ پوائنٹس ٹیبل پر سرفہرست ہے۔ واضح رہے کہ انگلینڈ اینڈ ویلز کرکٹ بورڈ کی منظور شدہ ورلڈ چیمپئن شپ آف لیجنڈز 3 جولائی کو برمنگھم کے ایجیسٹن کرکٹ میدان میں شروع ہوئی جو 18 جولائی تک جاری رہے گی، جب کہ پاکستان چیمپئنز کی ٹیم ایونٹ میں اب تک ناقابل شکست رہی ہے، وہ اس سے پہلے ویسٹ انڈیز اور آسٹریلیا لیجنڈز کو بھی شکست دے چکی ہے۔

دمبولا نے کولمبو اسٹرائیکرز کو 8 وکٹوں سے ہرا دیا

کولمبو (این این آئی) سری لنکا پریمیئر لیگ کے ایک میچ میں دمبولا سکسرز نے کولمبو اسٹرائیکرز 8 وکٹوں سے ہرا دیا یہ لیگ کا 10 واں مقابلہ تھا۔ موجودہ ٹورنامنٹ میں اپنی مہم جاری رکھتے ہوئے گلین فلپس اور ماتھیشا پتھیرانا نے خوشی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ان کی کارکردگی میں بہتری آئی ہے اور آنے والے میچ میں اچھی کارکردگی دکھا سکتے ہیں۔ سری لنکا پریمیئر لیگ کے آخری نو کانٹے کے مقابلوں میں دمبولا سکسرز کو 6 میں کامیابی ملی ہے حالانکہ کولمبو اسٹرائیکرز اسکواڈ اس میچ میں معمولی برتری حاصل تھی۔ ایل پی ایل 2024 میں لیگ کی کچھ بہترین ٹیموں نے کولمبو اسٹرائیکرز سے سخت مقابلہ کیا، اپنے تجربہ کار اسکواڈ کی بدولت کینڈی فالکنز، گال گارڈینز اور کینڈی کنگز جیسی ٹیموں نے حریف کو مشکل میں ڈالا۔ ان ٹیموں کے خلاف تمام میچوں میں اعلیٰ درجے کی مہارت اور صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا گیا ہے، کولمبو اسٹرائیکرز نے سخت مقابلے کا سامنا کرتے ہوئے خود کو ثابت کیا ہے اور سیزن کو مسابقتی بنا دیا۔

قراقرم رینج پر شدید برفباری خراب موسم کے باعث کوہ پیماؤں کی کے ٹو بیس کیمپ واپسی

اسلام آباد (این این آئی) دنیا کی دوسری بلند ترین چوٹی کے ٹو سمیت قراقرم رینج پر شدید برفباری کے بعد خراب موسم کے باعث مہم جوئی کے لیے جانے والے کوہ پیماؤں کی بیس کیمپ واپسی ہوئی ہے، محکمہ موسمیات نے برفباری کا سلسلہ آئندہ چوبیس گھنٹے تک جاری رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔ پاکستان کی خاتون کوہ پیما ثمینہ بیگ کو شگر سے بذریعہ ہیلی کاپٹر سی ایم ایچ اسکردو پہنچایا گیا جہاں سے انہیں ائیر ایمبولینس کے ذریعے اسلام آباد منتقل کر دیا گیا

کوہ پیما ثمینہ بیگ مکمل علاج کیلئے اسلام آباد منتقل

اسلام آباد (این این آئی) پاکستانی خاتون کوہ پیما ثمینہ بیگ کو ایئر ایمبولینس کے ذریعے اسلام آباد منتقل کر دیا گیا اس حوالے سے ثمینہ بیگ کے بھائی محبوب علی نے بتایا کہ رات بھر ثمینہ بیگ ڈاکٹروں کی نگہداشت میں رہیں اور مکمل علاج کے لیے انہیں اسلام آباد منتقل کیا۔ ثمینہ کی طبیعت خراب ہونے کے باعث کے ٹو بیس کیمپ سے گزشتہ روز اسکردو پہنچایا گیا تھا اس حوالے سے غیر ملکی ڈاکٹر نے بتایا کہ ثمینہ بیگ کے پھیپھڑے میں پانی بھرنے کے باعث ان کی طبیعت بگڑی ہے۔

بھارت کی 1983 کی ورلڈ کپ فاتح سائیڈ نے بھی انعام مانگ لیا

ممبئی (این این آئی) بھارت کی 1983 کی ورلڈ کپ فاتح سائیڈ نے بھی انعام مانگ لیا۔ بورڈ نے موجودہ ٹی 20 چیمپئن سائیڈ کو 125 کروڑ کی انعامی رقم دی تھی، جس پر 1983 ورلڈ کپ فاتح ٹیم کے پلیئرز نے شکوہ کیا کہ بورڈ نے ہمیں فنڈز کی کمیابی کے سبب بہت کم رقم دی تھی۔ پلیئرز کے مطابق 1983 ورلڈ کپ کی فاتح بھارتی اسکواڈ کے ہر ممبر کو 25 ہزار ملے تھے، اب تو بورڈ کے پاس بہت دولت ہے، اب انھیں انعام دینے سے کون روک سکتا ہے۔

ڈائریکٹر جنرل سپورٹس پنجاب پرویز اقبال کی ہدایت پر نشتر پارک سپورٹس کمپلیکس میں سمر سپورٹس کیمپس جاری

لاہور (سپورٹس رپورٹر) ڈائریکٹر جنرل سپورٹس پنجاب پرویز اقبال کی ہدایت پر نشتر پارک سپورٹس کمپلیکس میں سمر سپورٹس کیمپس 2024ء جاری ہیں، سپورٹس بورڈ پنجاب کے زیر اہتمام سمر سپورٹس کیمپس 2024 میں سوموار کے روز آرچری کیمپ میں 40 سے زائد 5 سے 16 سال کے بچوں کو کوچز نے تیراندازی کی ٹریننگ دی، کوچز محمد تیمور اور شفقت نیازی نے بچوں کو تیر چلانے اور نشانہ باندھنے، ایرو کی پوزیشن کے بارے میں تربیت دی ہے، بچوں کو اس موقع پر نشانہ بازی کی مشقیں بھی کروائی گئیں، سٹیمنا بڑھانے کیلئے بچوں کو جسمانی ایکسرسائز بھی کروائی گئی، کیمپ میں بچوں کے درمیان تیراندازی کے مقابلے بھی کروائے گئے، بچوں کے والدین نے صوبائی وزیر کھیل وامور نوجوانان پنجاب ملک فیصل ایوب کھوکھر اور ڈی جی سپورٹس پنجاب پرویز اقبال کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا ہے کہ سکولوں کی چھٹیوں میں سپورٹس بورڈ پنجاب کی جانب سے سمر سپورٹس کیمپس 2024 کا انعقاد سپورٹس کے فروغ کیلئے بہترین اقدام ہے اس سے ہماری سپورٹس ترقی کرے گی، نیا ٹیلنٹ سامنے آئے گا اور کیمپ میں کوچز بچوں کو بہترین تربیت دے رہے ہیں۔



انگلینڈ کے بین سٹوکس نیٹ سیشن کے دوران مسکرا رہے ہیں


قوت
SHOWBIZ

ہاردک پانڈیا سے علیحدگی ہوگئی؟ اہلیہ نتاشا کا پہلی بار بیان



ممبئی (این این آئی) بھارتی کرکٹ ٹیم کے آل راؤنڈر ہاردک پانڈیا سے علیحدگی کی خبروں کے بعد ان کی اہلیہ و سربین اداکارہ نتاشا اسٹینکو ویچ نے پہلی بار ذومعنی ردعمل دیا ہے۔ ہاردک پانڈیا سے علیحدگی کی خبریں سامنے آنے کے بعد سے نتاشا اسٹینکو ویچ نے اس بارے میں خاموشی اختیار کر رکھی تھی۔ دوسری جانب ٹی 20 ورلڈ کپ سے واپسی کے بعد پانڈیا بھی اپنی اہلیہ کے ساتھ نظر نہیں آئے تھے۔ تاہم اب نتاشا اسٹینکو ویچ نے سوشل میڈیا پر ایک ویڈیو پوسٹ کی ہے جس میں ان کہنا تھا کہ 'میری طرف سے آپ کے لیے ایک یاددہانی ہے کہ خدا نے سمندر کو ختم نہیں کر دیا تھا بلکہ سمندر کو تقسیم کر کے راستہ بنایا تھا، اس کا مطلب ہے کہ وہ آپ کی زندگی میں کسی مشکل کو ختم نہیں کرے گا بلکہ اس میں گزرنے کا راستہ بنا دے گا'۔ ان کے اس بیان کو پانڈیا سے علیحدگی پر ذومعنی ردعمل قرار دیا جا رہا ہے۔ ہاردک پانڈیا سے طلاق کی افواہوں کے بعد نتاشا اسٹینکو ویچ اپنے بیٹے اگستیا کے ساتھ بھی وقت گزار رہی ہیں۔ بھارتی میڈیا کے مطابق ہاردک پانڈیا اور سربین اداکارہ و ماڈل نتاشا اسٹینکو ویچ مئی 2020 میں شادی کے بندھن میں بندھے تھے تاہم رواں سال مئی میں اس وقت ان کی علیحدگی کی خبریں گردش کرنے لگی تھیں جب نتاشا نے اپنے انسٹاگرام اکاؤنٹ پر نام کے ساتھ 'پانڈیا' ہٹا دیا تھا۔ آئی پی ایل 2024 کے میچز میں نتاشا کی عدم شرکت سے بھی دونوں کے درمیان علیحدگی کی افواہوں کو تقویت ملی تھی۔

پرابھاس کا راج برقرار، 'کالکی 2898' کا دس دن میں 800 کروڑ کا بزنس



ممبئی (این این آئی) پرابھاس اور دیپیکا پڈوکون کی نئی سائنس فکشن فلم 'کالکی 2898' نے صرف دس دن میں دنیا بھر سے 800 کروڑ سے زائد بزنس کر لیا۔ فلم سنگاپور میں بڑے پیمانے پر ریلیز ہوئی جس میں 34 سے زیادہ مقامات اور 49 اسکرینوں کا احاطہ کیا گیا ہے اور آسٹریلیا میں اسے 143 سے زیادہ مقامات اور 400 اسکرینوں پر ریلیز کیا گیا ہے۔ 'کالکی 2898' خلیجی ممالک کے 16 مقامات اور 500 سے زیادہ اسکرینوں پر وسیع پیمانے پر ریلیز کی گئی ہے جبکہ اسے شمالی امریکا میں بھی ریلیز کیا گیا ہے۔ فلم کی ریلیز کے ساتھ ہی مختلف فلم تجزیہ کاروں کی طرف سے تبصرے سامنے آنا شروع ہوئے اور فلم میں پرابھاس اور امیتابھ بچن کے ایکشن مناظر کو بہت زیادہ پسند کیا جا رہا ہے۔ بعض تجزیہ کاروں کے مطابق ڈائریکٹر ناگ ایشون نے ایک نئی دنیا تخلیق کی ہے اور فلم کی کہانی نہایت شاندار ہے۔ فلم میں پرابھاس کو ایک باؤنٹی ہنٹر کے طور پر دکھایا گیا ہے جو حاملہ خاتون (دیپیکا پڈوکون) کا سراغ لگانے مشن پر ہے لیکن ایک مسئلہ ہے کہ امیتابھ بچن اس کی حفاظت کے لئے کچھ بھی کر سکتے ہیں۔ کمل ہاسن نے سپریم یاسین کا کردار نبھایا ہے اور اس فلم میں سسوا تا چٹرجی اور دیشا پٹانی جیسی معاون کاسٹ بھی شامل ہے۔ فلم میں راجمولی کے ساتھ دلکیر سلمان، وجے دیور کونڈا، مرنال ٹھاکر، رام گوپال ورما کے طاقتور کیمیو کردار بھی شامل ہیں۔

نوال سعید کے گلابی جوڑے میں حسن کے جلوے، مداح گرویدہ

لاہور (این این آئی) پاکستانی شوبز انڈسٹری کی خوبرو اداکارہ نوال سعید نے گلابی جوڑے میں حسن کے جلوے بکھیر کر مداحوں کو گرویدہ بنا لیا۔ حال ہی میں اداکارہ نوال سعید نے فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام پر اپنی چند نئی تصاویر مداحوں کے ساتھ شیئر کیں جو مداحوں کے دلوں میں گھر کر گئیں۔ مذکورہ تصاویر میں نوال سعید کو گلابی جوڑے میں مختلف ادائیں دیتے دیکھا جا سکتا ہے، اداکارہ گھر کے لان میں موجود نظر آ رہی ہیں جہاں کھلی زلفوں میں دلکش ادائیں دکھا کر مداحوں کے دلوں پر بجلیاں گرا رہی ہیں۔ تصاویر نے سوشل میڈیا پر آتے ہی تہلکہ مچا دیا جبکہ پوسٹ کے کمنٹ سیکشن میں اداکارہ کے مداح محبت کی برسات کرتے دکھائی دے رہے ہیں۔

دوسری بیوی پر تبصرہ، بگ باس میں ارمان ملک نے ساتھی کو تھپڑ مار دیا

ممبئی (این این آئی) بھارت کے معروف رئیلٹی شو 'بگ باس' کے او ٹی ٹی سیزن 3 میں شریک ارمان ملک نے دوسری بیوی سے متعلق تبصرے پر ساتھی امیدوار کو تھپڑ رسید کر دیا۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق بگ باس او ٹی ٹی کے تیسرے سیزن کے میزبان بالی وڈ اداکار انیل کپور ہیں اور اس شو میں کئی لوگ شریک ہیں۔ رواں سیزن میں معروف یوٹیوبر ارمان ملک دونوں بیویوں کے ساتھ شریک ہوئے تاہم پہلی اہلیہ پائل شو سے باہر ہو چکی ہیں۔ رپورٹس میں بتایا گیا ہے کہ ویکینڈ کا وار قسط میں پائل ملک نے سرپرائز وزٹ کیا اور شریک امیدوار وشال پانڈے سے کہا کہ شوہر کی دوسری اہلیہ کرتیکا پر تبصرہ کیا جو ناقابل قبول ہے کیونکہ وہ ماں اور بیوی ہے، ان کی عزت کرنا چاہیے۔ رپورٹس کے مطابق اس پر ارمان ملک کو غصہ آ گیا اور وشال پانڈے کو تھپڑ جڑ دیا جس کے ساتھ ہنگامہ کھڑا ہو گیا۔ رپورٹس میں کہا گیا ہے کہ وشال پانڈے نے گزشتہ قسط میں کہا تھا کہ 'کرتیکا بھابھی مجھے بہت اچھی لگتی ہیں۔

مایا علی کی ویسٹرن لک میں شوخ و چنچل ادائیں مداحوں کے دلوں کو بھا گئیں

لاہور (این این آئی) پاکستانی شوبز انڈسٹری کی خوبرو اداکارہ مایا علی کی ویسٹرن لک میں شوخ و چنچل اداؤں نے مداحوں کو تعریفوں پر مجبور کر دیا۔ حال ہی میں اداکارہ مایا علی نے فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام پر اپنی چند نئی تصاویر مداحوں کے ساتھ شیئر کیں جنہوں نے فیشن کی دنیا میں تہلکہ مچا دیا۔ مذکورہ تصاویر میں مایا علی نے سفید پینٹ کے ساتھ بلیو شرٹ زیب تن کر رکھی ہے، کلائی میں گھڑی اور گہرے میک اپ میں نازک ادائیں اداکارہ کے حسن کو چار چاند لگا رہی ہیں۔ تصاویر نے سوشل میڈیا پر آتے ہی دھوم مچا دی، اداکارہ کی پوسٹ پر مداحوں کی جانب سے پسندیدگی کا اظہار کیا جا رہا ہے جبکہ کمنٹ سیکشن میں مداح مایا علی پر تعریفوں کے پھول بھی نچھاور کرتے دکھائی دے رہے ہیں۔

میری بہو کیلئے ساس میں نہیں بلکہ قیصر ہیں، فضیلہ قاضی



کراچی (این این آئی) پاکستان کی سینئر اداکارہ فضیلہ قاضی نے اپنے شوہر اداکار قیصر نظامانی سے متعلق کہا ہے کہ وہ ان کی بہو کی ساس کا کردار ادا کرتے ہیں۔ فضیلہ قاضی اور قیصر نظامانی کو شوبز انڈسٹری کی مقبول ترین جوڑی مانا جاتا ہے، دونوں نے حال ہی میں نجی ٹی وی کے ایک پروگرام میں شرکت کی جس میں انہوں نے ازدواجی زندگی کی کامیابی و ناکامی پر گفتگو کی۔ اداکارہ نے بتایا کہ ہمارے گھر یہ قانون طے ہے کہ گھر کے معاملات میں دیکھوں گی اس میں قیصر دخل اندازی نہیں کریں گے جب کہ جو کام باہر کے ہیں وہ سارے قیصر دیکھیں گے۔ فضیلہ قاضی نے کہا کہ میں پھر بھی باہر کے کچھ کاموں میں قیصر کو مشورے دے دیتی ہوں۔ اداکارہ نے ہلکے پھلکے انداز میں بات جاری رکھتے ہوئے کہا کہ یہ بھی گھر کے معاملات میں کچھ نہ کچھ بول ہی دیتے ہیں لیکن میں سنتی نہیں ہوں، گھر کی بہت دیکھ بھال کرنی پڑتی ہے خاص طور پر جب کام کرنے والی خواتین ہوں تو گھر کی صفائی ستھرائی کا خاص خیال رکھنا پڑتا ہے۔ انہوں نے مزاحیہ انداز میں کہا کہ جب آپ کا شوہر ایسا ہو کہ ہر چیز کو باریکی سے دیکھے کہ کہاں مٹی ہے اور کہاں نہیں تو بہت خیال رکھنا پڑتا ہے کیونکہ ان سے خود بھی صاف نہیں ہوتی۔ میزبان کے ایک سوال پر اداکارہ نے کہا کہ میری بہو کے لیے ساس قیصر ہیں، ان کے اندر ایک ساس ہے، مجھ سے بہو کی کافی دوستی ہے لیکن قیصر سے وہ تھوڑا گھبراتی ہے۔

ثناء جاوید اور شعیب ملک کے ایک بار پھر سوشل میڈیا پر چرچے



کراچی (این این آئی) پاکستانی لیجنڈری کھلاڑی شعیب ملک اور اُن کی دوسری اہلیہ، اداکارہ و ماڈل ثناء جاوید کے سوشل میڈیا پر ایک بار پھر خوب چرچے ہو رہے ہیں۔ گزشتہ ہفتے ایجیسٹن میں ورلڈ چیمپئن شپ آف لیجنڈز میں پاک بھارت میچ پر دنیا بھر کے شائقین کی نگاہیں جمی ہوئی تھیں۔ یہ میچ ہفتے کے روز کھیلا گیا جس کے تمام 23 ہزار ٹکٹس وقت سے قبل ہی فروخت ہو گئے۔ پاکستان اور بھارت کے درمیان چیمپئنز آف لیجنڈز ٹورنامنٹ کے سلسلے میں ہونے والے میچ میں پاکستان نے بھارت کو 68 رنز سے ہرا کر فتح اپنے نام کر لی۔ اس میچ میں اپنے ہمسفر شعیب ملک کو سپورٹ کرنے کے لیے ثناء جاوید بھی ایجیسٹن کے میدان میں نظر آئیں اور سب کی توجہ اپنی جانب مبذول کروالی۔ میچ کے دوران جہاں لیجنڈز کھلاڑیوں نے اپنی کارکردگی سے کرکٹ شائقین کو محظوظ کیا وہیں اداکارہ ثناء جاوید اور شعیب ملک بھی کیمرا مین کے نشانے پر رہے۔ شعیب ملک جیسے ہی میچ کے دوران وکٹ اڑاتے کیمرا مین ثناء جاوید کو فوکس کر کے اُن کے تاثرات مداحوں کو دکھاتے۔ سوشل میڈیا پر اس جوڑی کی متعدد تصویریں وائرل ہیں جن میں اداکارہ کو خوشگوار موڈ میں دیکھا جا سکتا ہے۔ دوسری جانب اس میچ کے دوران کرکٹر شاہین شاہ آفریدی اور اُن کی اہلیہ، انشا آفریدی کو بھی دیکھا گیا۔



ایشال فیاض نے اداکاری کو مشکل قرار دے دیا

لاہور (شوبز ڈیسک) پاکستانی شوبز انڈسٹری کی معروف اداکارہ و ماڈل ایشال فیاض نے اداکاری کو مشکل قرار دے دیا۔ حالیہ دیئے گئے ایک انٹرویو میں ایشال فیاض نے کہا کہ ویسے تو ہر کام محنت سے ہی ممکن ہے لیکن اداکاری کے مقابلے میں مجھے ماڈلنگ آسان لگتی ہے کیونکہ اس میں میک اَپ، فوٹوگرافی اور کپڑوں کا زیادہ کمال ہوتا ہے، تاہم اداکاری میں مکمل طور پر خود محنت کرنا پڑتی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ اگر ماڈلنگ یا اداکاری میں سے مجھے کسی ایک چیز کا انتخاب کرنا پڑے تو میں اداکاری کو ہی چنوں گی، اداکاری ہو یا ماڈلنگ میں اپنی پوری محنت سے اچھا کام کرنے کی کوشش کرتی ہوں۔ سوشل میڈیا کے حوالے سے بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ مداح فنکاروں کو فالو کرتے ہیں اور ان کے ہر قدم سے متاثر بھی ہوتے ہیں۔

چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
قوت
روزنامہ لاہور



غزہ کی پٹی: 'دنیا کی سب سے بڑی کھلی جیل' جس پر سکندر اعظم سے لے کر سلطنت عثمانیہ تک نے حکومت کی



غزہ کی پٹی روئے زمین پر سب سے گنجان آباد اور غربت زدہ علاقوں میں سے ایک ہے۔ غزہ کی تاریخ ایسی متعدد مسلح تنازعوں سے بھری ہوئی ہے جنھوں نے اس خطے کی حالیہ تاریخ تک پہنچنے میں اہم کردار ادا کیا۔

لیکن اس چھوٹی سی پٹی کی اپنی تاریخ کیا ہے جسے انسانی حقوق کی عالمی تنظیمیں اور خود فلسطینی بھی 'دنیا کی سب سے بڑی کھلی جیل' قرار دیتے ہیں۔

وہ سرزمین جس پر بار بار قبضہ کیا گیا

ستمبر 1992 میں اسرائیلی وزیر اعظم اسحاق رابن نے ایک امریکی وفد سے ملاقات میں کہا کہ 'میں چاہتا ہوں کہ غزہ سمندر میں غرق ہو جائے لیکن میں جانتا ہوں کہ یہ ناممکن ہے، چنانچہ ہمیں کوئی حل نکالنا ہوگا۔'

41 کلومیٹر طویل اور 10 کلومیٹر چوڑی غزہ کی پٹی اسرائیل، مصر اور تقریباً روم کے بیچ موجود ہے جہاں 23 لاکھ لوگ بستے ہیں، اسی لیے اسے دنیا کے گنجان ترین علاقوں میں سے ایک قرار دیا جاتا ہے۔

غزہ کی تاریخ تقریباً چار ہزار سال پرانی ہے اور اس کی کہانی بیرونی حملوں اور قبضوں سے بھری ہوئی ہے۔ مختلف زمانوں میں مختلف سلطنتوں نے اس پر حکومت بھی کی اور اسے تاراج بھی کیا جن میں قدیم مصر سے لے کر سلطنت عثمانیہ تک دنیا کی طاقتور حکومتیں شامل رہیں۔

غزہ کو سکندر اعظم، رومیوں اور پھر مسلمانوں نے عمر ابن العاص کی سربراہی میں فتح کیا اور یوں ترقی اور تباہی کے اس سفر میں غزہ میں آباد ہونے والوں اور ان کی مذہبی شناخت بھی وقت اور حالات کے ساتھ ساتھ بدلتی رہی۔

سنہ 1917 تک غزہ سلطنت عثمانیہ کا حصہ تھا جس کی پہلی عالمی جنگ میں شکست کے بعد یہ علاقہ برطانیہ کے زیر اثر آ گیا۔ سنہ 1919 کی پیرس امن کانفرنس میں فاتح یورپی طاقتوں نے ایک متحدہ عرب سلطنت کے قیام کو رد کرتے کے لیے پورے خطے کو تقسیم کر دیا۔

غزہ 'برٹش مینڈیٹ' کا حصہ بنا جو 1920 سے 1948 تک وجود میں رہا۔ تاہم دوسری جنگ عظیم کے بعد برطانیہ نے فلسطین کے مقدر کا فیصلہ نئی نویلی اقوام متحدہ کی جھولی میں ڈال دیا۔

سنہ 1947 میں اقوام متحدہ نے ایک قرارداد کے ذریعے فیصلہ کیا کہ فلسطین کو تین حصوں میں بانٹ دیا جائے: 55 فیصد علاقے پر یہودی اپنی ریاست بنا لیں، بیت المقدس کو عالمی مینڈیٹ کے زیر اثر رکھا جائے اور باقی ماندہ حصہ بشمول غزہ مقامی عرب باشندوں کے حصے میں چلا جائے۔

مئی 1948 کو جب اس قرارداد نے فلسطین سے برطانوی راج کا خاتمہ کیا تو اسی دن اسرائیل کی آزاد ریاست قائم کر لی گئی اور یوں پہلی عرب اسرائیل جنگ کا بھی آغاز ہوا جس میں لاکھوں مقامی فلسطینی بے گھر ہوئے اور غزہ کی پٹی میں بس گئے۔

پہلی عرب اسرائیل جنگ کا خاتمہ ہوا تو غزہ کی پٹی پر مصر کا قبضہ ہو چکا تھا جو 1967 تک برقرار رہا۔ سنہ 1967 کی چھ روزہ جنگ کے دوران اسرائیل نے مصر اور شام پر مشتمل متحدہ عرب ریپبلک سمیت اُردن اور عراق کو شکست دی اور غرب اُردن اور مشرقی بیت المقدس سمیت غزہ پر بھی قبضہ کر لیا۔

اسرائیل کی اس فتح نے پرتشدد واقعات کے ایک ایسے تسلسل کو جنم دیا جو آج تک رُک نہیں سکا۔ اسرائیل کے خلاف پہلی فلسطینی انتفادہ تحریک کا آغاز 1987 میں غزہ سے ہی ہوا۔ اسی سال حماس وجود میں آئی تھی۔

سنہ 1993 میں اسرائیل اور فلسطین کے درمیان امریکی ثالثی میں اوسلو معاہدہ ہوا تو 'فلسطین نیشنل اتھارٹی' کا قیام ہوا جسے غزہ کی پٹی اور غرب اردن کے چند علاقوں میں محدود خودمختاری دی گئی۔ اسرائیل نے 2005 میں دوسری اور پہلے سے زیادہ پرتشدد انتفادہ تحریک کے بعد غزہ کی پٹی سے فوج اور 7000 یہودی آبادکاروں کا انخلا کیا۔

ایک ہی سال بعد حماس نے انتخابات میں فلسطینیوں کی دوسری تنظیم 'فتح' کو شکست دی اور یوں دونوں کے درمیان طاقت کی جنگ کا آغاز ہو گیا جس میں ایک جانب فلسطینی صدر محمود عباس اور ان کی فتح جماعت تھی تو دوسری جانب حماس۔ تاہم حماس تین جنگوں اور 16 سال کے اسرائیلی محاصرے کے باوجود اب تک غزہ میں برسرِ اقتدار ہے۔

اسرائیل، امریکہ، یورپی یونین اور برطانیہ سمیت کئی ممالک حماس یا اس کے عسکری ونگ کو دہشت گرد قرار دے چکے ہیں تاہم اسے ایران کی حمایت اور معاشی مدد حاصل ہے جو اسلحہ اور تربیت بھی فراہم کرتا رہتا ہے۔

محاصرہ

حماس کے برسرِ اقتدار آنے کے بعد اسرائیل اور مصر نے غزہ کا زمینی، فضائی اور سمندری محاصرہ کر لیا۔ اقوام متحدہ اور انسانی حقوق کی تنظیموں کی جانب سے مطالبے کے باوجود اسرائیل نے 2007 سے اس محاصرے کو ختم نہیں کیا۔







اس محاصرے کی وجہ سے فلسطینیوں کی نقل و حرکت پر قدغنیں لگ گئیں۔ اسرائیل کی جانب سے فلسطینیوں کے باہر نکلنے پر پابندی عائد ہے اور صرف طبی ایمرجنسی میں ہی کسی کو باہر نکلنے کی اجازت دی جاتی ہے۔

ہیومن رائٹس واچ نے غزہ کی پٹی میں حالات کا موازنہ کرتے ہوئے اسے 'کھلی جیل' قرار دیا۔ اسرائیل کے مطابق غزہ کی سرحدوں پر مصر کی مدد سے ان پابندیوں کے اطلاق سے اسرائیلی شہریوں کو حماس سے بچانا مقصود ہے۔

بین الاقوامی کمیٹی برائے ریڈ کراس اس محاصرے کو جنیوا کنونشن کی خلاف ورزی قرار دیتی ہے جبکہ اقوام متحدہ اور دیگر انسانی حقوق تنظیموں نے بھی اس محاصرے پر تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ غزہ اب تک اسرائیل کے قبضے میں ہے۔

اس محاصرے کے خلاف حماس نے زیر زمین سرنگوں کا ایک جال بچھا رکھا ہے جن کے ذریعے سامان اور اسلحہ غزہ کے اندر لے جایا جاتا ہے۔ اسرائیل ان سرنگوں کو ایک خطرہ سمجھتا ہے اور اکثر فضائی حملوں میں ان کو تباہ کرنے کی کوشش کرتا رہا ہے۔

'ریڈ پرٹس': جب موساد نے خفیہ آپریشن میں یاسر عرفات کے 'منہ بولے بیٹے' اور بلیک ستمبر کے منصوبہ ساز کو قتل کیا

17 اکتوبر 2023

یوم کپور: عرب ممالک کا وہ حملہ جس نے 'ناقابلِ تسخیر' اسرائیل کی سالمیت کو خطرے میں ڈالا

6 اکتوبر 2023

غربت

اسرائیل کے 16 سالہ محاصرے نے غزہ کی پٹی میں معیشت کو تباہ کر دیا ہے۔ عالمی بینک کے مطابق اس علاقے میں بیروزگاری کا تناسب 40 فیصد سے زیادہ ہے۔

اقوام متحدہ کے مطابق یہاں کی 65 فیصد آبادی غربت کی لکیر سے نیچے زندگی بسر کر رہی ہے۔ ورلڈ فوڈ پروگرام کے مطابق 63 فیصد آبادی غذائی عدم تحفظ کا شکار ہے۔

یہاں کی نصف آبادی 19 سال سے کم عمر ہے لیکن ان کے پاس معاشی ترقی کا کوئی راستہ ہے اور نہ ہی بیرونی دنیا تک رسائی کا کوئی ذریعہ۔

اقوام متحدہ کے مطابق مسلسل تشدد کا سامنا کرنے کی وجہ سے یہاں بچوں کی ایک پوری نسل آباد ہے جسے طویل المدتی نفسیاتی مسائل کا سامنا ہے لیکن انھیں کسی قسم کی مدد حاصل نہیں۔ یہاں کی آبادی، خصوصاً نوجوانوں میں، اقوام متحدہ کی ہی رپورٹ کے مطابق ذہنی صحت سے جڑے مسائل بشمول ڈپریشن بڑھ رہا ہے۔

ہیومن رائٹس واچ نے 2021 کی ایک رپورٹ میں کہا تھا کہ غزہ کی بندش کی وجہ سے ہنرمند اور تعلیم یافتہ لوگ ایسے مواقع سے فائدہ نہیں اٹھا سکتے جو دنیا میں کہیں اور بسنے والے لوگوں کو عام میسر ہوتے ہیں۔

اسرائیل کی ہی ایک غیر سرکاری تنظیم کے مطابق 23 لاکھ لوگوں کی یہ آبادی دنیا میں سب سے زیادہ گنجان آباد علاقوں میں سے ایک ہے۔ اقوام متحدہ کے مطابق اسی علاقے میں قائم آٹھ کیمپوں میں تقریباً چھ لاکھ پناہ گزین بھی رہائش پذیر ہیں۔

واضح رہے کہ لندن جیسے شہر میں فی سکوائر کلومیٹر علاقے میں 5700 لوگ رہتے ہیں لیکن غزہ میں اتنے ہی علاقے میں یہ اعداد و شمار 9000 تک پہنچ جاتے ہیں۔

سنہ 2014 میں اسرائیل نے غزہ کی پٹی کی سرحد پر ایک دفاعی زون بنا دیا جس کے بعد مکانات یا کاشتکاری کے لیے دستیاب زمین اور بھی کم ہو گئی۔

یہاں بجلی کی دستیابی بھی ہر وقت نہیں ہوتی۔ اقوام متحدہ کے مطابق زیادہ تر گھروں میں دن میں صرف تین گھنٹے بجلی میسر ہوتی ہے جو اسرائیل فراہم کرتا ہے۔ غزہ میں صرف ایک بجلی کا پلانٹ ہے جبکہ کچھ مقدار میں بجلی مصر سے ملتی ہے۔ زیادہ تر رہائشیوں کو پانی کی کمی کا بھی سامنا ہے۔

اقوام متحدہ کے ایک ذیلی ادارے کے مطابق غزہ کے بیشتر ہسپتال اور طبی مراکز ماضی کی لڑائیوں میں تباہ ہو چکے ہیں۔ اقوام متحدہ کی جانب سے یہاں 22 طبی مراکز چلانے میں مدد دی جاتی ہے تاہم اسرائیل کی جانب سے حالیہ بمباری کے بعد یہاں کی آبادی کے حالات مزید متاثر ہونے کا اندیشہ ہے۔





''قوت'' کا اسپیشل ایڈیشن

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا ،اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہونے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-3636003

بقیہ	جات	1

ہمیں اگلے دو سے تین مہینوں میں کام دکھانا شروع کرنا ہے۔انہوں نے کہا کہ ملک کا انحصار درآمدات پر ہے جس کی وجہ سے قرضوں کی ادائیگی کیلئے مزید قرض لینا پڑتا ہے،لوگ رشوت،کرپشن اور ہراسانی کے ڈر سے ایف بی آر سے ڈیل نہیں کرنا چاہتے۔وفاقی وزیر خزانہ کا مزید کہنا تھا کہ ہمیں قرضوں کی ادائیگی کی صلاحیت پیدا کرنے کی ضرورت ہے، جب تک یہ معیشت درآمد پر مبنی رہے گی ہمیں قرض دینے والوں کے پاس واپس جانا پڑے گا۔

بقیہ	جات	2

وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے اس موقع پر کہا کہ ایکسٹینشن ہائی وے اتھارٹی کو نئے ٹاسک اور تھکاوٹ ایکشن پلان دے دیا ہے۔انہوں نے کہا کہ اولین ترجیح کراچی سے سکھر تک معیاری اور محفوظ موٹروے کی تعمیر ہے،کراچی سے کوئٹہ اور مانسہرہ سے بابوسر ٹاپ کی شاہراہ کو بھی فوری تعمیر کیا جائے، ایکسٹینشن ہائی وے اتھارٹی کو ریونیو میں اضافہ کر کے اپنے فنڈز بڑھانا ہوں گے،صرف حکومت پر انحصار نہ کریں، اب من وسلوی اور سرکاری فنڈز سے کام نہیں چلے گا۔عبدالعلیم خان نے کہا کہ سرکاری فنڈز ضائع نہیں ہونے دیں گے، کرپشن پر''زیرو ٹالرنس'' ہوگی،این ایچ اے کی کسی شاہراہ پر مقررہ وزن سے زیادہ لوڈ کے ٹرک نہیں آنے دیں گے،این ایچ اے روش بدلے،محنت و ایمانداری سے ملک وقوم کیلئے نیک نامی کا باعث بنیں۔وفاقی وزیر نے کہا کہ ہمارے روڈ نیٹ ورک کا اصل ہدف وسطی ایشیائی ممالک ہونا چاہئیں،این ایچ اے کو منافع بخش بنائیں،ملازمین اور افسران کو اچھی تنخواہیں اور پنچ دیں گے،این ایچ اے صرف قابل عمل اور عوامی مفاد کے حامل منصوبوں پر فنڈز خرچ کرے۔

بقیہ	جات	3

ہونے کے باجود ہم تینوں افسران کا باڈی سرچ کیا گیا، ہمارے کوٹ اور بلٹ اتارے گئے، ایک افسر کے جوتے بھی اتارے گئے، پی آئی اے کے پاس کل 34 ہوائی جہاز ہیں جن میں سے 22 جہاز آپریشنل اور 12 گراؤنڈ ہیں،جلد کسان ایپ لانچ کریں گے۔پیر کو قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے ایوی ایشن کا چیئرمین نوابزادہ افتخار احمد خان بابر کی زیر صدارت اجلاس ہوا۔اجلاس میں ایوی ایشن ڈویژن اور اس کے ماتحت اداروں سے متعلق بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ ہماری 121 منظور شدہ آسامیاں ہیں، 106 آسامیوں پر لوگ کام کر رہے ہیں، 15 آسامیاں خالی ہیں، پی آئی اے کے پاس 34 جہاز ہیں، 12 گراؤنڈ ڈ ہیں، پی کے پاس ڈرائی لیز پر 13 جہاز ہیں، پی آئی اے کے پاس آپریشنل 22 جہاز ہیں، پی آئی اے میں 10 ہزار 323 لوگ کام کر رہے ہیں۔

بقیہ	جات	4

رائے کی آزادی دیتا ہے تاہم قانون کے مطابق اس کی بھی کچھ حدود اور پابندیاں ہوتی ہیں۔وزارت داخلہ نے کہا کہ ایکس پر ملکی اداروں کے خلاف نفرت انگیز مواد اپ لوڈ کیا جاتا ہے، ایکس ایک غیر ملکی کمپنی ہے جس سے متعدد بار کہا گیا کہ قانون پر عمل کرے۔جواب کے مطابق وزارت داخلہ کے پاس عارضی طور پر ایکس کی بندش کے سوا کوئی چارہ نہ تھا۔17 فروری کو وزارت داخلہ نے ایکس فوری طور بند کرنے کو کہا تھا۔ایکس نے پاکستان کے ساتھ کوئی ایم او یو سائن نہیں کیا۔ملکی قوانین کی خلاف ورزی کی صورت میں ایکس پر پابندی کے سوا کوئی راستہ نہیں بچا تھا۔

بقیہ	جات	5

سے متعلق اجلاس ہوا جس میں صدر مملکت نے پچھی کینال منصوبے کو 5.1 سال میں مکمل کرنے پر زور دیتے ہوئے کہا کہ وفاقی حکومت منصوبے کی ترجیحی بنیادوں پر بروقت تکمیل یقینی بنانے کیلئے فنڈز فراہم کرے گی،پچھی کینال سے بلوچستان کی 000,713 ایکڑ اراضی سیراب ہوگی۔اجلاس میں صدر مملکت کو گرین پاکستان منصوبے کیلئے چھ اسٹریٹجک نہروں کی تعمیر بارے بریفنگ دی گئی۔اجلاس میں وزیر داخلہ سید محسن رضا نقوی اور اعلیٰ عسکری حکام نے شرکت کی۔بتایا گیا کہ گرین پاکستان منصوبے کیلئے چھ اسٹریٹجک نہروں کی تعمیر کی جائے گی، اسٹریٹجک نہروں میں چشمہ رائٹ بینک، کچھی، ربنی، گریٹر تھل، چولستان اور تھر کینال شامل ہیں۔بتایا گیا کہ نہروں سے ملکی قابل کاشت رقبہ، لائیو سٹاک اور ماہی گیری کی صلاحیت بڑھانے میں مدد ملے گی۔صدر مملکت نے گرین پاکستان منصوبے کیلئے اسٹریٹجک نہروں پر کام شروع کرنے کی ہدایت کی۔

بقیہ	جات	6

کے تمام ڈائریکٹرز کو ڈسکوز کے ڈیٹا کو چیک کر کے رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت کی۔انہوں نے 3 روز میں ایف آئی اے ڈائریکٹرز کو تمام شواہد جمع کرنے کا ٹاسک دے دیا۔وزیر داخلہ نے کہا کہ تمام شواہد کی جامع رپورٹ وزیر اعظم کو پیش کی جائے گی، پروفیکٹڈ صارفین سے زیادتی کا ازالہ کرنا ضروری ہے۔محسن نقوی نے ایڈیشنل ڈی جی ایف آئی اے نارتھ کو پشاور، لاہور، گوجرانوالہ اور فیصل آباد خود جا کر صورتحال کا جائزہ لینے اور ڈیٹا جمع کرنے کی ہدایت کی اور کہا کہ شواہد کا جائزہ لے کر ذمہ داران کا تعین کیا جائے۔اجلاس میں اوور بلنگ کے ایشو کا جائزہ لیا گیا۔ایف آئی اے حکام نے اوور بلنگ پر بریفنگ دی۔وفاقی سیکرٹری داخلہ، ایڈیشنل ڈی جی ایف آئی اے ہیڈکوارٹر، ایڈیشنل سیکرٹری داخلہ، ایڈیشنل ڈی جی ایف آئی نارتھ اور متعلقہ حکام نے اجلاس میں شرکت کی۔ایف آئی اے کے تمام ڈائریکٹرز ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شریک ہوئے۔

بقیہ	جات	7

ایکٹ 1997 سیکشن 4 اور 5 کے تحت ملک بھر کی طرح سندھ میں فوج تعینات ہوگی۔وفاقی وزارت داخلہ نے آرڈر جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ فوج کو سول انتظامیہ کی مدد کے لیے تعینات کیا جارہا ہے، فوج کی تعیناتی وہاں کے زمینی حالات کے پیش نظر کی جائے گی،صوبوں کو تعیناتی کا اختیار ہوگا۔محکمہ داخلہ سندھ نے فوجی حکام سے رابطہ کر لیا،محرم میں فوج کی تعیناتی کا روڈ میپ تیار کر لیا گیا۔وزارت داخلہ نے کہا کہ متعلقہ فریقین کے باہمی مشورے سے فوجی دستے ضرورت کے مطابق تعینات ہوں گے۔

بقیہ	جات	8

بنائی جارہی ہے۔ملک بھر میں کسی توانائی سے بجلی کی فراہمی کے لئے ترجیحی بنیادوں پر اقدامات کر رہے ہیں۔وفاق بلوچستان کی ترقی و خوشحالی کے لئے صوبائی حکومت کے ساتھ مل کر کام کریگا۔ وزیر اعظم نے کہا کہ چین میں سرکاری وظائف پر زرعی شعبے کی پیشہ ورانہ تربیت کیلئے بھیجے جانے والے طلبا میں بلوچستان کے 10 فیصد زائد طلبا کا کوٹہ رکھا گیا ہے۔چین میں ہوا وے کمپنی کے تحت تین لاکھ پاکستانی نوجوانوں کی انفارمیشن ٹیکنالوجی کے شعبے میں تربیت میں بھی بلوچستان کے طلبا کیلئے 10 فیصد اضافی کوٹہ رکھا گیا ہے۔

بقیہ	جات	9

کے آغاز پر پی ٹی آئی کے وکیل سلمان اکرم راجا نے کہا کہ 5 ہفتوں سے فیملی کو ملزمان سے ملنے نہیں دیا جارہا، وکیل لطیف کھوسہ نے کہا کہ ملزمان کو برے حالات میں رکھا گیا ہے۔اس پر جسٹس جمال مندوخیل نے دریافت کیا کہ اگر ملاقات نہیں ہوئی تو کیسے پتا برے حالات میں رکھا ہے؟ وکیل نے جواب دیا کہ جو لوگ پہلے ملے انہوں نے بتایا کہ ان کے ہاتھ بندھے تھے۔اس موقع پر رہنما پی ٹی آئی رہنما حسان نیاز کے والد حفیظ اللہ نیازی نے عدالت کو آگاہ کیا کہ میرے بیٹے سے جو آخری ملاقات ہوئی ہے وہ اس عدالت کی مہربانی سے ہوئی۔جسٹس جمال خان مندوخیل نے ریمارکس دیے کہ اگر ملزمان کو ایسے دکھایا گیا ہے تو غلط ہے، بہتر ہوگا اس کیس کو چلا کر فیصلہ کریں۔حفیظ اللہ نیازی نے کہا کہ میری متفرق درخواست ہے بیٹے سے متعلق،اس کو نمبر لگوا دیجیے،جسٹس محمد علی مظہر نے کہا کہ ہم اس وقت اپیل سن رہے ہیں،جسٹس امین الدین نے ریمارکس دیے کہ آپ کی درخواست لی تو نہ جانے اور کتنی درخواستیں آجائیں گی، اصل کیس رہ ہی جائے گا۔

بقیہ	جات	10

کو جدید بنانا ہوگا۔وزیر اعلیٰ سندھ کی زیر صدارت مختلف محکموں کا اجلاس ہوا۔اجلاس میں ایوی ایشن ڈویژن اور اس کے ماتحت اداروں سے متعلق بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ ہماری 121 منظور شدہ آسامیاں ہیں، 106 آسامیوں پر لوگ کام کر رہے ہیں، 15 آسامیاں خالی ہیں، پی آئی اے کے پاس 34 جہاز ہیں، 12 گراؤنڈ ڈ ہیں، پی کے پاس ڈرائی لیز پر 13 جہاز ہیں، پی آئی اے کے پاس آپریشنل 22 جہاز ہیں، پی آئی اے میں 10 ہزار 323 لوگ کام کر رہے ہیں۔

بقیہ	جات	11

کرتے ہیں۔ہمارے ساتھیوں کو رہا کیا جائے۔ تحریک انصاف کے جنرل سیکرٹری و اپوزیشن لیڈر قومی اسمبلی عمر ایوب نے 9 مئی کے واقعات پر درج مقدمات میں سرگودھا عدالت پیشی کے بعد گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ملک میں دہشت گردی کے خلاف پہلے ہی انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن جاری ہیں۔اب کسی نئے آپریشن کی ضرورت نہیں اس لئے عوام کی رائے کو بھی اہمیت دینی چاہیے اپوزیشن لیڈر عمر ایوب نے کہا کہ میں نے اپنے عزیز کو خود دفن کیا جو بم دھماکہ میں شہید ہوا۔جنگ جرنیلوں کے کندھوں پر نہیں ہونی چاہیے۔عوام اور سیاستدانوں کو اس میں مکمل اعتماد میں لینا چاہیے۔عمر ایوب نے کہا کہ حکومت بیساکھیوں پر کھڑی ہے جعلی حکومت کو فیصلے کرنے کی اجازت نہیں دے سکتے۔

بقیہ	جات	12

اراکین اسمبلی نے گورنر ہاؤس میں ملاقات کی۔پی پی چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کے ہمراہ گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی، پی پی پی خیبر پختونخوا کے صدر محمد علی شاہ باچہ و دیگر بھی موجود تھے،بلاول بھٹو زرداری سے پی پی پی اراکین قومی اسمبلی فتح اللہ میاں خیل اور نائمہ کنول نے بھی ملاقات کی۔بلاول بھٹو زرداری سے پی پی پی اراکین خیبر پختونخوا اسمبلی شازیہ طمہاس، نیلوفر بابر، مہر سلطانہ، فرزانہ ریاض اور اشبر جدون نے بھی ملاقات کی، بلاول بھٹو زرداری سے ساجدہ تبسم، بہاری لالہ، کرامت خان، احمد کنڈی، ارباب زرک اور احسان بھی ملے۔بلاول بھٹو زرداری کو پی پی پی اراکین اسمبلی نے خیبر پختونخوا کے عوامی مسائل اور سیاسی صورت حال سے آگاہ کیا، چیئرمین پی پی پی نے ہدایت کی کہ جیالے اراکین اسمبلی خیبر پختونخوا کے عوام کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے میں اپنا کردار ادا کریں۔

بقیہ	جات	13

اسلام آباد ہائی کورٹ کا حکم اہمیت رکھتا ہے، میں اس کی خلاف ورزی کرنے کا سوچ بھی نہیں سکتا۔اپیلوں پر ساعت ایڈیشنل سیشن جج افضل مجوکا کریں گے، بشریٰ بی بی کے وکیل سلمان صفدر، عثمان گل اور خالد یوسف چوہدری عدالت میں پیش ہوئے۔نگرشتہ ساعت پر عمران خان کے وکیل سلمان اکرم راجا نے اپنے دلائل مکمل کر لیے تھے۔ساعت کے دوران وکیل سلمان صفدر نے دلائل دیے کہ سلمان اکرم راجا ایڈووکیٹ عدت کے دورانیہ پر اپنے دلائل دے چکے، میں عدت کے دورانیے کے حوالے سے سلمان اکرم راجا ایڈووکیٹ کے دلائل اپناتا ہوں۔

بقیہ	جات	14

صحت، روزگار اور جانی تحفظ کے لئے عزم استحکام آپریشن کے ساتھ ہیں۔قرارداد کے متن میں مزید کہا گیا کہ پاکستان میں پائیدار امن، استحکام اور سلامتی کے لئے دہشتگردی کا خاتمہ ضروری ہے،قوم دہشتگردی کے خلاف متحد اور یک جان ہے، امید ہے تمام سیاسی جماعتیں عزم استحکام آپریشن کی دل وجان سے حمایت کریں گی۔

بقیہ	جات	15

درانی توہین الیکشن کمیشن کیس پر ساعت کریں گے۔واضح رہے کہ کیس دو سال سے زیر التوا ہے، گزشتہ ساعت پر سابق وفاقی وزیر فواد چوہدری پیش نہیں ہو سکے تھے۔یاد رہے کہ توہین الیکشن کمیشن اور چیف الیکشن کمشنر کیس میں بانی پی ٹی آئی عمران خان اور فواد چوہدری پر فرد جرم عائد کی جاچکی ہے۔

بقیہ	جات	16

خیال کیا۔اس موقع پر فاؤنڈر کریسنٹ آرٹ گیلری سدرہ ناصر بھی موجود تھیں۔علی نواز نے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ آرٹسٹوں کے فن کو اجاگر کرنے میں آرٹ گیلریاں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔کریسنٹ بہترین انداز میں پاکستانی سینئر آرٹسٹوں کے آرٹ ورک کو اجاگر کر رہا ہے۔آرٹ ایگزیبیشن کے سلسلے میں ہر ممکن تعاون کریں گے۔ ناصر جاوید نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ آرٹ کے ذریعے ملک کا سوفٹ امیج اجاگر کر رہے ہیں۔ پاکستان ایک امن پسند ملک ہے۔لندن میں بھی آرٹ شو کے انعقاد کے سلسلے میں تیاریاں کی جارہی ہیں۔بعد ازاں وفد نے علی نواز کو آرٹ بک ''دی ورلڈ آف دی تصدق سہیل'' پیش کی اور مہمانوں کی بک میں اپنے تاثرات قلمبند کیے۔

بقیہ	جات	17

درانی توہین الیکشن کمیشن کیس پر ساعت کریں گے۔واضح رہے کہ کیس دو سال سے زیر التوا ہے، گزشتہ ساعت پر سابق وفاقی وزیر فواد چوہدری پیش نہیں ہو سکے تھے۔یاد رہے کہ توہین الیکشن کمیشن اور فواد چوہدری پر فرد جرم عائد کی جاچکی ہے۔

بقیہ	جات	18

بیوروکریٹ بجلی فری استعمال کرے اور عام آدمی بھاری بل ادا کرے، اس استحصالی نظام کو نہیں مانتے، 12 جولائی سے جماعت اسلامی ملک بھر کے مظلوموں کو اکٹھا کر کے اسلام آباد میں دھرنا دے گی، مطالبات کی منظوری تک احتجاج جاری رہے گا۔آئی ایم ایف کے غلام حکمران قوم پر بجلی کے بم گرانا بند کریں۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے الخدمت ہسپتال لیہ کے افتتاح کے موقع پر اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔انہوں نے الخدمت فاؤنڈیشن کے تحت ملک بھر میں صحت تعلیم اور ڈیزاسٹر کے شعبوں میں خدمات سرانجام دینے والوں اداروں کی تحسین کی اور ٹیم کو مبارکباد دی۔ امیر جماعت اسلامی پنجاب جنوبی راؤ ظفر اقبال، امیر جماعت اسلامی ضلع لیہ مبشر نعیم چوہدری بھی اس موقع پر موجود تھے۔صدر الخدمت فاؤنڈیشن ڈاکٹر حفیظ الرحمن نے بریفنگ دی۔

بقیہ	جات	19

پنجاب کی پارلیمانی پارٹی نے آپریشن عزم استحکام کے حق میں پنجاب اسمبلی میں قرارداد جمع کرا دی، ایم پی اے وجنرل سیکرٹری آئی پی پی پنجاب شعیب صدیقی نے عزم استحکام آپریشن کی حمایت کے لئے صوبائی اسمبلی میں قرارداد جمع کرائی۔قرارداد کے متن کے مطابق معیشت کی مضبوطی، خوشحالی اور سرمایہ کاری کے لئے دہشت گردی کا مکمل خاتمہ ضروری ہے،تعلیم، صحت، روزگار اور جانی تحفظ کے لئے آپریشن عزم استحکام کے ساتھ ہیں، پاکستان میں پائیدار امن، استحکام اور سلامتی کے لئے دہشت گردی کا خاتمہ ضروری ہے۔قرارداد میں لکھا گیا ہے کہ مسلح کارروائیوں کے خلاف آپریشن وقت کی ضرورت ہے، پنجاب اسمبلی کی رائے ہے کہ ملک دشمن عناصر اور ان کے سہولت کاروں کو جڑ سے اکھاڑ پھینکا جائے، ایوان کا یہ بھی یقین ہے کہ وطن عزیز کی حفاظت کے لئے جان نثار کرنے والوں کا خون رائیگاں نہیں جائے گا۔قرارداد میں مزید لکھا گیا کہ پنجاب اسمبلی کا ایوان اعادہ کرتا ہے کہ قوم دہشت گردی کے خلاف متحد اور یک جان ہے، استحکام پاکستان پارٹی کے صدر عبدالعلیم خان کی ہدایت پر یہ قرارداد پیش کر رہے ہیں، امید ہے تمام سیاسی جماعتیں عزم استحکام آپریشن کی دل و جان سے حمایت کریں گی۔

بقیہ	جات	20

ہائیکورٹ سے غیر مشروط معافی مانگ لی۔لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس شاہد کریم نے سرگودھا کی انسداد دہشت گردی عدالت کے جج کو حساس ادارے کی جانب سے مبینہ ہراساں کرنے کے خلاف درخواست پر ساعت کی۔دوران ساعت وفاقی حکومت کے وکیل نے بتایا کہ وزیر اعظم ملک سے باہر تھے، عدالتی حکم پر ایک دو ہفتوں میں عملدر آمد کر دیں گے، ایڈیشنل اٹارنی جنرل مرزا نصر نے کہا کہ اٹارنی جنرل نے کہا ہے عدالت کے سامنے یہ بیان دے دیں کہ عدالتی حکم پر عملدر آمد ہوگا۔

بقیہ	جات	21

ملک چھوڑ کر جا چکے ہیں۔نامساعد حالات، بیروزگاری، بدامنی، جان ومال کا خوف یا سنہرے مستقبل کا خواب۔جس کو دیکھو، پاکستان سے نکلنے کی بات کر رہا ہے۔صرف مزدور طبقہ ہی نہیں بلکہ کوالیفائیڈ انجینئرز، ڈاکٹرز، اکاؤنٹنٹ سمیت مختلف شعبوں میں اعلیٰ تعلیم یافتہ نوجوان بھی ہاتھوں میں ڈگری اٹھائے صرف یہی بات کر رہا ہے۔پاکستانیوں میں گزشتہ چند سالوں میں ملک چھوڑنے کے بڑھتے ہوئے رجحان کے حوالے سے تازہ گیلپ سروے میں بتایا گیا ہے کہ 94 فیصد پاکستانی ملک چھوڑنے کے خواہشمند ہیں۔ان میں سے 56 فیصد معاشی تنگی، 24 فیصد بدامنی اور 14 فیصد کو یہاں اپنا مستقبل تاریک دکھائی دیتا ہے۔بلومبرگ کی رپورٹ کے مطابق 2015 نے رواں سال 2024 کے ابتدائی پانچ ماہ تک ساڑھے نو سال میں مجموعی 62 لاکھ 20 ہزار سے زائد پاکستانی اپنا وطن چھوڑ کر دیار غیر چلے گئے۔سال 2015 میں 9 لاکھ 46 ہزار 571، سال 2016 میں 8 لاکھ 39 ہزار 353، سال 2017 میں 4 لاکھ 96 ہزار 286، سال 2018 میں 3 لاکھ 82 ہزار 439، سال 2019 میں 6 لاکھ 25 ہزار 203، سال 2020 میں دو لاکھ 24 ہزار 705، سال 2021 میں تقریباً 2 لاکھ 25 ہزار پاکستانیوں نے اپنا ملک چھوڑا۔سال 2022 میں 8 لاکھ 32 ہزار سے زائد نے پاکستان کو خیر باد کہا۔

بقیہ	جات	22

دی۔اسلام آباد ہائیکورٹ میں پی ٹی آئی جلسہ کی اجازت منسوخ کرنے اور تحریک تحفظ آئین اور عامر مغل کے بیٹے کی ڈپٹی کمشنر اسلام آباد کے خلاف توہین عدالت کیس کی ساعت جسٹس بابر ستار نے کی۔پی ٹی آئی وکیل شعیب شاہین نے اپنے دلائل میں کہا کہ پولیس نے ڈپٹی کمشنر دفتر سے عامر مغل کو گرفتار کر لیا، عامر مغل کو اٹھانے کے پورے ایک دن تک کوئی مقدمہ درج نہیں کیا گیا، جس پر جسٹس بابر ستار نے کہا کہ مقدمہ ہے تو متعلقہ فورم پر جائیں، یہ توہین عدالت تو نہیں بنتی۔جلسے کا این او سی معطل کرنے پر توہین عدالت کی درخواست پر ساعت میں شعیب شاہین ایڈووکیٹ نے اسلام آباد ہائیکورٹ کا تحریری آرڈر پڑھا۔پی ٹی آئی وکیل شعیب شاہین نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ نے 4 جولائی کو اسلام آباد ہائیکورٹ میں نوٹیفکیشن پیش کیا، ڈپٹی کمشنر نے جلسے کی پچھلی رات ڈیڑھ بجے مجھے جلسہ معطلی کا نوٹیفکیشن بھیجا، آج محرم کی یکم ہے اور ہمارا جلسہ دو دن پہلے تھا، چیف کمشنر کے نوٹیفکیشن میں لکھا گیا کہ انہوں نے ہمیں بھی بلایا، ضلعی انتظامیہ نے ہمیں بالکل بھی اجلاس میں شرکت کیلئے نہیں بلایا۔جسٹس بابر ستار نے ریمارکس دیئے کہ اگر کمشنر اسلام آباد نے آرڈر معطل کر دیا ہے آپ نے اس آرڈر کو چیلنج کرنا ہوگا۔

بقیہ	جات	23

کرانے کے لیے اسپیکٹر جنرل پنجاب کو خط لکھ دیا، خرم شہزاد نے عدالت کی سیکورٹی کے حوالے سے نئی تجاویز بھی تیار کر لیں۔ایس پی لاہور ہائیکورٹ نے عدالت میں نصب 15 خراب کیمروں سمیت تمام سی سی ٹی وی کیمرے ٹھیک کرانے کی ہدایت کر دی۔اس کے علاوہ ایس پی خرم شہزاد نے لاہور ہائیکورٹ میں فورس بڑھانے اور عدالت کے آس پاس تمام بڑی بلڈنگز پر اسنائپرز تعینات کرنے کی بھی تجویز دے دی۔

بقیہ	جات	24

کردی۔اپیلوں پر ساعت ایڈیشنل سیشن جج افضل مجوکا نے کی، بشریٰ بی بی کے وکیل سلمان صفدر، عثمان گل اور خالد یوسف چوہدری عدالت میں پیش ہوئے۔گزشتہ ساعت پر عمران خان کے وکیل سلمان اکرم راجا نے اپنے دلائل مکمل کر لیے تھے۔ ساعت کے دوران وکیل سلمان صفدر نے دلائل دیئے کہ سلمان اکرم راجا ایڈووکیٹ عدت کے دورانیہ پر اپنے دلائل دے چکے، میں عدت کے دورانیے کے حوالے سے سلمان اکرم راجا ایڈووکیٹ کے دلائل اپناتا ہوں۔ان موقع پر خاور مانیکا کے وکیل زاہد آصف کے معاون وکیل نے عدالت کے سامنے پیش ہوتے ہوئے وکیل کی جانب سے ساعت ملتوی کرنے کی درخواست دائر کر دی، انہوں نے استدعا کی محرم الحرام کو دیکھتے ہوئے کیس کی ساعت ملتوی کی جائے۔اس پر سلمان صفدر نے کہا کہ میں اس درخواست پر اپنا جواب لکھوں گا، جو کیس عدالت کی جانب سے فکس ہوں ان میں ساعت ملتوی کی درخواست نہیں دی جاسکتی، اس درخواست میں کیس کے چلنے کا کوئی حوالہ نہیں دیا گیا۔جج نے ریمارکس دیے کہ آپ اپنے دلائل دیں، میں ہائی کورٹ سے بات کرتا ہوں، میں ساعت ملتوی کرنے کے حوالے سے ہائی کورٹ سے ڈائریکشن لے لیتا ہوں۔بشریٰ بی بی کے وکیل نے مزید کہا کہ یہ بات ٹھیک ہے، اس بات پر توجہ لازمی دی جائے کہ اس درخواست میں کیس کی صورتحال کا ذکر نہیں کیا گیا، ہائی کورٹ کے علم میں یہ بات لائی جائے کہ درخواست میں ٹائم فریم کو چھپایا گیا ہے، بعد ازاں عدالت نے کیس کی ساعت میں مختصر وقفہ کر دیا۔وقفے کے بعد دوران عدت نکاح کیس میں سزا کے خلاف اپیلوں پر ساعت شروع ہوئی، جج افضل مجوکا نے سلمان صفدر سے مکالمے میں کہا کہ درخواست کے بارے میں ہائیکورٹ کو آگاہ کر دیا ہے ، ہائیکورٹ کی جو ڈائریکشن ہوگی اس کے مطابق دیکھیں گے، آپ آج دلائل دیں۔معاون وکیل زاہد آصف چوہدری نے دلائل پر اعتراض اٹھایا کہ ہائیکورٹ کی ڈائریکشن کے بعد ہی دلائل ہوں گے جس پر بیرسٹر سلمان صفدر نے کہا کہ حیرت ہے وکیل صاحب ملک میں، بلکہ اسلام آباد میں موجود ہیں، شاہ رخ ارجمند صاحب کی طرح ادھر بھی وہی حربے استعمال کیے جارہے ہیں، آپ نے یقین دہانی کرائی کہ آپ کی عدالت میں ایسا کچھ بھی نہیں ہوگا۔

بقیہ	جات	25

متعلقہ محکموں کے حکام نے شرکت کی۔اس دوران منصوبے پر مختلف تجاویز اور فزیبلٹی رپورٹس پر تبادلہ خیال بھی کیا گیا جبکہ سیکرٹری ٹرانسپورٹ احمد جاوید قاضی نے منصوبے پر بریفنگ دی۔اس موقع پر گفتگو میں وزیر ٹرانسپورٹ بلال اکبر خان کا کہنا تھا کہ وقت کا تقاضا ہے کہ مری ریل لنک منصوبے کو ہر صورت پایہ تکمیل تک پہنچایا جائے کیونکہ سیاحت کسی بھی ملک کی معیشت میں اہم رول ادا کرتی ہے اور ہمارے ہدف میں بھی اسے ترقی دینا شامل ہے۔ ہم کہہ سکتے ہیں کہ مری ریل لنک مختلف سیاحتی مقامات کو جوڑنے والا پہلا شاندار منصوبہ بنے گا۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ یہ ایک مشکل مگر انتہائی اہم منصوبہ ہے جس کا پورے ملک کو فائدہ ہوگا۔ یہ منصوبہ کئی سال پہلے ہی پایہ تکمیل تک پہنچ چکا ہوتا اگر میاں نواز شریف کو ملک کی خدمت کرنے سے روکا نہ جاتا کیونکہ یہ شاندار منصوبہ ہمارے قائد نواز شریف کا دیا ہوا ہے جو انشا اللہ اب ہم مکمل کریں گے۔ اس کی تکمیل کے بعد جب ٹرین حسین وادیوں اور مقامات سے گزرے گی تو وہ سیاحوں کو خوابوں کے ایک الگ جہان میں لے جائیگی اس کے علاوہ منصوبے سے اسلام آباد، راولپنڈی اور مری کے شہریوں کو آرام دہ اور سستی سفری سہولت بھی میسر آئیگی جبکہ پرائیویٹ ٹرانسپورٹ کا رش بھی مری سے ختم ہوجائیگا۔پوری امید ہے لوگ کاروں کی بجائے ٹرین کے پرلطف سفر کو ترجیح دیں گے۔ بلال اکبر خان نے مزید بتایا کہ منصوبے کو کامیاب بنانے کیلئے بین الاقوامی ماہرین کی خدمات بھی لی جائیں گی اور پوری کوشش ہے منصوبے کیلئے تمام ابتدائی مراحل کو جلد از جلد مکمل کرلیں۔اس سلسلے میں تمام متعلقہ محکموں کو اپنا مثبت کردار ادا کرنا ہوگا۔

بقیہ	جات	26

پلیٹسٹر پر ساعت کی۔دوران ساعت جسٹس طارق محمود جہانگیری نے کہا کہ پہلے یہ طے کر لیتے ہیں کہ ہم کیسے کارروائی آگے بڑھائیں گے؟ قانون کے مطابق روزانہ کی بنیاد پر ساعت ہوگی۔وکیل نے کہا کہ التوا تین دن سے زیادہ نہیں دیا جاسکتا جس پر ٹریبونل نے وکیل کو ہدایت کی کہ الیکشن ایکٹ کا رول 144 پڑھیں، جسٹس طارق محمود جہانگیری نے کہا کہ اس کے مطابق فرائل روزانہ کی بنیاد پر ہونا ہے اور 180 دن میں فیصلہ ہونا ہے، اس کے مطابق فریقین سات دن کے اندر جواب داخل کرنے کے پابند ہیں۔ٹریبونل نے ہدایت کی کہ سیکشن 147 کیا ہے وہ پڑھیں، اس کے مطابق جواب کے ساتھ بیان حلفی بھی جمع ہونا ہے لہٰذا ہم پہلے طریقہ کار طے کر رہے ہیں پھر ایک ایک کر کے سارے کیسز سنیں گے، روزانہ کی بنیاد پر ساعت ہوگی اس پر کسی کو اعتراض ہے تو بتا دے۔وکیل نے کہا کہ ہمیں ایک اعتراض ہے، جس پر ٹریبونل نے استفسار کیا کہ آپ کس کی طرف سے ہیں؟ وکیل نے بتایا کہ میں ڈاکٹر طارق فضل چوہدری کی طرف سے پیش ہوا ہوں، ٹریبونل نے کہا کہ آپ کا وکالت نامہ جمع نہیں ہوا اس لیے بات نہیں کر سکتے، روزانہ کی بنیاد پر ان کیسز کو سنیں گے، قانون کے مطابق سات دن کے اندر بھی کوئی التواء مانگے گا تو ایک لاکھ جرمانہ ہوگا۔

بقیہ	جات	27

سابق وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی سمیت دیگر ملزمان کیخلاف جیل ٹرائل کیس پر ساعت ہوئی۔شاہ محمود قریشی کو اڈیالہ جیل سے کوٹ لکھپت جیل میں پیش کر دیا گیا، عدالت میں سابق وزیر خارجہ کو چالان کی نقول تقسیم کر دی گئی۔بعد ازاں عدالت نے ساعت 15 جولائی تک ملتوی کرتے ہوئے آئندہ ساعت پر تمام ملزمان کو فرد جرم عائد کرنے کے لیے طلب کر لیا۔اس سے قبل پی ٹی آئی رہنما شاہ محمود قریشی کو سخت سیکورٹی میں علی الصبح اسلام آباد سے لاہور منتقل کیا گیا ہے۔شاہ محمود قریشی پر لاہور میں 9 مئی کے سات مقدمات درج ہیں، پولیس اڈیالہ جیل میں 9 مئی کے مقدمات میں شاہ محمود قریشی سے تفتیش بھی کر چکی ہے۔

بقیہ	جات	28

بیٹوں سے ہفتہ میں ایک دفعہ ٹیلی فونک ملاقات کی درخواست پر ساعت انسداد دہشت گردی عدالت کے جج ملک اعجاز آصف نے کی۔درخواست پر اڈیالہ جیل انتظامیہ کی جانب سے جواب داخل کروا دیا گیا جس میں مؤقف اپنایا گیا کہ جیل مینوئیل کے مطابق کسی ملزم کی وائس ایپ پر رشتہ داروں سے ملاقات کا قانون موجود نہیں ہے۔اس میں کہا گیا کہ عدالتی حکم کے مطابق سابق وزیر اعظم کے مہینے میں 2 مرتبہ بیٹوں سے بات کروائی جاتی ہے۔ انسداد دہشت گردی عدالت نے ہفتے میں ایک مرتبہ واٹس ایپ پر عمران خان کی اپنے بیٹوں سے بات کروانے کی استدعا مسترد کر دی۔ یاد رہے کہ گزشتہ ساعت پر عدالت نے جیل انتظامیہ کو نوٹس جاری کرتے ہوئے رپورٹ طلب کی تھی۔

بقیہ	جات	29

عوام کو آئی ایم ایف سے ریلیف دلانے کے لئے کوشاں ہیں اور جلد مہنگائی پر قابو پ

یکم محرم کو صوبہ بھر میں منعقدہ 96 جلوسوں اور 3320 مجالس کے سکیورٹی فرائض 43 ہزار سے زائد افسران واہلکاروں نے انجام دیئے۔ آئی جی پنجاب

صوبائی دارالحکومت میں یکم محرم کے موقع پر 10 عزاداری جلوس اور 402 مجالس منعقد ہوئیں جن کی سکیورٹی فرائض 03 ہزار سے زائد پولیس افسران واہلکاروں نے ادا کئے۔ آئی جی پنجاب

لاہور (خبر نگار) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے کہا ہے کہ محرم الحرام کی مناسبت سے پنجاب پولیس صوبہ بھر میں سکیورٹی کے فول پروف انتظامات یقینی بنا رہی ہے اور تمام اضلاع میں منعقدہ مجالس اور جلوسوں کو ایس او پیز کے مطابق بہترین سکیورٹی فراہم کی جارہی ہے۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے کہا کہ یکم محرم الحرام کو صوبہ بھر میں 96 عزاداری جلوس، 3320 مجالس منعقد ہوئیں جن کی سکیورٹی کے فرائض 43 ہزار سے زائد افسران و اہلکار وں نے سر انجام دیئے، صوبائی دارالحکومت میں یکم محرم کے موقع پر

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 33

مہنگائی کے ستائے عوام 12 جولائی کو اسلام آباد دھرنے میں شریک ہوں

محمد جاوید قصوری

غربت کے ہاتھوں تنگ پندرہ دن کی بچی کو زندہ دفن کرنے کا واقعہ الخراش، حکمرانوں کے منہ پر طمانچہ ہے

پی ڈی ایم ٹو کی حکومت عوام پر قہر بن چکی، لوگوں سے جینے کا حق بھی چھین لیا ہے، امیر جماعت اسلامی پنجاب وسطی

لاہور (خبر نگار) امیر جماعت اسلامی پنجاب وسطی محمد جاوید قصوری نے غربت کے ہاتھوں تنگ آکر 15 دن کی بچی کو زندہ دفن کرنے کے دلخراش واقعے پر شدید غم وغصہ کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ زمانہ جاہلیت میں غیرت کے نام پر بچیوں کو زندہ درگور کر دیا جاتا تھا اور آج غربت کے ہاتھوں تنگ آکر لوگ اپنے بچوں کو دفن کر رہے ہیں، خودکشیاں کر رہے ہیں مگر حکمرانوں کے کانوں پر جوں تک نہیں رینگتی۔ ظالم حکمرانوں اور ان کے ظلم کے خلاف جماعت اسلامی 12 جولائی کو ڈی چوک اسلام آباد میں عظیم الشان احتجاجی دھرنا دے گی۔

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 34



کوئٹہ، وزیراعظم شہباز شریف سے مسلم لیگ ن بلوچستان کے پارلیمنٹیرین کا وفد ملاقات کر رہا ہے

بچوں سے جنسی زیادتی، تشدد کے بڑھتے واقعات پر قرارداد پنجاب اسمبلی سیکرٹریٹ میں جمع

لاہور (این این آئی) بچوں سے جنسی زیادتی اور تشدد کے واقعات میں بڑھتے ہوئے اضافے پر اظہار تشویش کی قرارداد پنجاب اسمبلی سیکرٹریٹ میں جمع کرادی گئی۔ قرارداد کے متن میں کہا گیا ہے کہ کم عمر بچوں پر تشدد اور جنسی زیادتی کے واقعات روزانہ کی بنیاد پر رپورٹ ہو رہے ہیں، گھروں پر کام کرنے والے بچوں پر سب سے زیادہ تشدد کے واقعات رپورٹ ہوتے ہیں، ابھی تک بچوں پر تشدد کرنے والے کسی بھی ملزم کو سزا نہیں مل سکی۔

آزاد جموں وکشمیر پولیس نے جیل سے فرار ہونے والے مزید 3 قیدیوں کو گرفتار کرلیا

مظفر آباد (این این آئی) آزاد جموں وکشمیر پولیس نے گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران راولاکوٹ کی جیل سے فرار ہونے والے مزید 3 قیدیوں کو گرفتار کرلیا ہے، اب تک کل 6 فرار ہونے والوں کی دوبارہ گرفتاری عمل میں لائی جاچکی ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق ڈپٹی انسپکٹر جنرل (ڈی آئی جی) شہریار سکندر نے بتایا کہ اسامہ مرتضیٰ اور آصف دل محمد کو ہفتہ اور اتوار کی درمیانی شب گوئن نالہ روڈ پر ریہاڑہ کراس سے اس وقت گرفتار کیا گیا جب وہ ایک وین میں راولپنڈی فرار ہونے کی کوشش کر رہے تھے۔

گزشتہ ہفتے 80 ہزار سے زائد شہریوں کو ڈرائیونگ لائسنسنگ کی سہولیات فراہم کی گئیں

ڈرائیور کے پاس ڈرائیونگ لائسنس کا ہونا خود اعتماد ڈرائیونگ کی پہچان ہے، ایڈیشنل آئی جی مرزا فاران بیگ

لاہور (این این آئی) ایڈیشنل آئی جی ٹریفک پنجاب مرزا فاران بیگ کی سربراہی میں پنجاب ٹریفک پولیس نے ہفتہ وار لائسنسنگ کارکردگی جاری کردی، گزشتہ ہفتے 80 ہزار سے زائد شہریوں کو ڈرائیونگ لائسنسنگ کی سہولیات فراہم کی گئیں۔ ترجمان ٹریفک پولیس پنجاب کے مطابق وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کے ویژن پر عمل پیرا پنجاب ٹریفک پولیس عوام الناس کی خدمت میں کوشاں ہے۔ صوبہ بھر میں گزشتہ 7 روز کے دوران 22 ہزار سے زائد شہریوں نے نئے لرنر پرمٹ بنوائے جبکہ 33 ہزار سے زائد شہریوں نے ایکسپائرڈ لرننگ لائسنس کو رینیو کروایا۔

ضلعی انتظامیہ لاہور کا گراں فروشی پر سخت کریک ڈاؤن جاری

2472 مقامات کی چیکنگ، 08 گرفتاریاں، 03 لاکھ روپے کے جرمانے عائد

لاہور (این این آئی) ضلعی انتظامیہ لاہور کی جانب سے گراں فروشی پر سخت کریک ڈاؤن جاری، 2472 مقامات کی چیکنگ، 09 مقدمات کا اندراج کر کے 08 گرفتاریاں کی گئیں جبکہ 77 خلاف ورزیوں پر 03 لاکھ روپے کے جرمانے عائد کئے گئے۔ ڈپٹی کمشنر لاہور رافعہ حیدر نے کہا کہ میگا سٹورز میں ڈی سی کا نٹر پر دالیں، آٹا، سبزی وفروٹ کی قیمتوں ودستیابی کا جائزہ لیا جارہا ہے، گلی، محلوں میں موجود سٹورز پر اشیا ضروریہ کی ریٹ لسٹ کو نمایاں جگہ آویزاں کروایا جارہا ہے۔



اسلام آباد، وفاقی وزیر عبدالعلیم خان سے اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

مبینہ دھاندلی کیس، جواب جمع نہ کرانے پر طارق فضل چوہدری و راجہ خرم نواز پر جرمانہ عائد

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن ٹریبونل اسلام آباد نے اسلام آباد کے 3 حلقوں میں مبینہ دھاندلی کے کیس میں جواب جمع نہ کرانے پر لیگی ایم این اے طارق فضل چوہدری اور راجہ خرم نواز پر جرمانہ عائد کر دیا۔ اسلام آباد کے 3 حلقوں میں مبینہ دھاندلی کے خلاف پی ٹی آئی کے امیدواروں کی پٹیشنز پر الیکشن ٹریبونل کے جج جسٹس طارق محمود جہانگیری نے کیس کی سماعت کی۔ الیکشن ٹریبونل نے 3 دن میں فارم 45، 46 اور 47 سمیت مکمل جواب جمع کرانے کا حکم بھی دے دیا۔

بلیک لسٹ کمپنیوں سیکروڑوں روپے کے سرکٹ بریکرز کی خریداری، وزارت توانائی نے رپورٹ طلب کرلی

اسلام آباد (این این آئی) مقامی سپلائرز کے ذریعے بلیک لسٹ فرموں سے واپڈا کی تقسیم کار کمپنیوں (ڈسکوز) کی جانب سے کروڑوں روپے مالیت کے 132 کے وی کے سرکٹ بریکرز کی خریداری پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے وزارت توانائی نے تمام ڈسکوز سے رپورٹ طلب کر لی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق گوجرانوالہ الیکٹرک پاور کمپنی (کیپکو) اور ملتان الیکٹرک پاور کمپنی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 38

محرم میں مقدس شخصیات کا احترام کیا جائے، مرکزی علماء کونسل

ملک میں قیام امن کیلئے حکمران خلافت فاروقیؓ سے سبق حاصل کریں، صاحبزادہ مولانا زاہد محمود قاسمی

لاہور (این این آئی) چیئرمین مرکزی علماء کونسل پاکستان صاحبزادہ مولانا زاہد محمود قاسمی نے کہا کہ محرم میں مقدس شخصیات کا احترام کیا جائے، چاروں خلفاءؓ کے ایام وصال وشہادت سرکاری طور پر شایان شان طریقے سے منائیں جائیں، ملک میں قیام امن کیلئے حکمران خلافت فاروقیؓ سے سبق حاصل کریں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ختم نبوت اسلامک ریسرچ سنٹر لاہور میں مختلف وفود سے گفتگو کرتے ہوئے کیا، اس موقعہ پر مولانا محمد

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 35

مردہ جانور کا گوشت سپلائی کرنیوالے ملزمان کی ضمانت کی درخواستیں مسترد

ایسا سنگین معاملہ نظر انداز کرنے سے عوام کی زندگیوں سے کھیلنے کا راستہ کھلے گا، لاہور ہائیکورٹ

لاہور (این این آئی) لاہور ہائی کورٹ نے مردہ جانور کا گوشت سپلائی کرنے والے ملزمان کی ضمانت کی درخواستیں مسترد کر دیں۔ جسٹس احمد رفیق نے ضمانت کی درخواستیں مسترد کرنے کا تفصیلی فیصلہ جاری کر دیا۔ لاہور ہائی کورٹ نے تفصیلی فیصلے میں کہا ہے کہ ایسا سنگین معاملہ نظر انداز کرنے سے عوام کی زندگیوں سے کھیلنے کا راستہ کھلے گا، مردہ جانور کا گوشت کھانے سے بیماریاں لگتی ہیں جو برسو حتیٰ کہ موت تک چلتی ہیں۔ فیصلے میں کہا گیا ہے کہ ریکارڈ کا جائزہ لینے کے بعد پتہ چلا ہے ملزمان ضمانت کے حقدار نہیں۔ واضح رہے کہ ملزمان پر

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 36

علی رضا کا قتل، کرائم سین پر کیمرے نہ ہونے کی وجہ سے تحقیقات میں مشکلات

ٹارگٹ کلرز تک پہنچنے کے لیے ایک ممکنہ روٹ میپ تیار کیا جا رہا ہے

کرائم سین یونٹ اور فارنزک لیب نے موقع سے شواہد جمع کر لیے

کراچی (این این آئی) ڈی ایس پی ٹی ڈی علی رضا چوہدری اسلم کے قریبی ساتھیوں میں سے تھے، اور انچارج سی ٹی ڈی لیاری گینگ وار سیل تھے۔ ڈی ایس پی علی رضا پر حملے کے سلسلے میں سی ٹی ڈی کی جانب سے تفتیش کا عمل جاری ہے، شہید ڈی ایس پی علی رضا کے قریبی ساتھیوں کے بارے میں معلوم ہوا ہے کہ وہ گینگ وار ملزمان کے خلاف کام کرتے تھے،

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 43

پولیس نے عشرہ محرم الحرام کے حوالے سے مربوط سکیورٹی پلان پر عملدرآمد کا آغاز کر دیا

لاہور میں کیٹگری اے کی 457، کیٹگری بی کی 2610 اور کیٹگری سی کی 801 مجالس منعقد ہوں گی

سکیورٹی کے لئے سرچ اینڈ سویپ آپریشنز کا سلسلہ جاری رکھا جائے، سی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ

لاہور (کرائم رپورٹر) لاہور پولیس نے عشرہ محرم الحرام کے حوالے سے مربوط سکیورٹی پلان پر عملدرآمد کا آغاز کر دیا۔ ترجمان لاہور پولیس کے مطابق لاہور میں کیٹگری اے کی 457، کیٹگری بی کی 2610 اور کیٹگری سی کی 801 مجالس منعقد ہوں گی۔ لاہور میں کیٹگری اے کے 17، کیٹگری بی کے 74 اور کیٹگری سی کے 03 لائسنسی جلوس باقی

صفحہ 7 بقیہ نمبر 42

پنجاب فوڈ اتھارٹی کا کریک ڈاؤن، ناقص انتظامات پر 17 لاکھ سے زائد کے جرمانے

2، معروف ریسٹورنٹس بند 1920 لیٹر دودھ، 300 کلو بیمار مرغیاں

300 کلو نان فوڈ گریڈ پیکنگ میٹیریل اور 2 من سے زائد ممنوعہ ایکسپائر اشیا تلف

لاہور (سپیشل رپورٹر) پنجاب فوڈ اتھارٹی نے کریک ڈاؤن کرتے ہوئے 1920 لیٹر دودھ، 300 کلو بیمار مرغیاں، 300 کلو نان فوڈ گریڈ پیکنگ میٹیریل اور 2 من سے زائد ممنوعہ ایکسپائر اشیا تلف کر دیں۔ تفصیلات کے مطابق شہر بھر میں ریسٹورنٹ جعلی مضر صحت دودھ بیمار مرغیوں کا گوشت سمیت دیگر اشیا شہریوں کو بیمار کرنے لگے،

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 41

علی رضا کے قتل کو فرقہ وارانہ تناظر میں بھی دیکھ رہے ہیں، وزیر داخلہ سندھ

علی رضا نے لیاری گینگ وار اور ٹی ٹی پی کے خلاف کارروائیاں کیں

اس قتل میں جو بھی ملوث ہے وہ منطقی انجام تک پہنچے گا، ضیاء الحسن لنجار

کراچی (این این آئی) وزیر داخلہ سندھ ضیاء الحسن لنجار نے کہا ہے کہ یکم محرم کو علی رضا کا قتل ہوا ہے۔ اس واقعہ کو فرقہ وارانہ تناظر میں بھی دیکھ رہے ہیں۔ علی رضا نے لیاری گینگ وار اور ٹی ٹی پی کے خلاف کارروائیاں کیں، اس قتل میں جو بھی ملوث ہے وہ منطقی انجام تک پہنچے گا، ضیاء الحسن لنجار نے کہا کہ یکم محرم کو علی رضا کا قتل ہوا ہے۔ اس واقعہ کو فرقہ وارانہ تناظر میں بھی دیکھ رہے ہیں۔ علی رضا نے لیاری گینگ وار اور ٹی ٹی پی کے خلاف کارروائیاں کیں

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 40

قائد جمعیت جمہوریت کیلئے فیصلہ کن معرکہ لڑ رہے ہیں، جے یو آئی (ف)

بیساکھیوں پر کھڑی حکومت اپنے استحکام کیلئے فکرمند ہے، انہیں عوامی مشکلات سے کوئی سروکار نہیں

لاہور (این این آئی) امیر جمعیت علما اسلام (ف) سٹی لاہور محمد افضل خان، جنرل سیکرٹری حافظ عرفان شجاع بٹ، سالار مولانا محمد عمیر مہمند، ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا عبدالودود شاہد، صدر لائرز فورم لاہور محمد ہاشم تہامی ایڈووکیٹ، صدر لائرز فورم سٹی لاہور فیضان شجاع بٹ ایڈووکیٹ، ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات قاری منظور الحسن چترالی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ قائد جمعیت جمہوریت کیلئے فیصلہ کن معرکہ لڑ رہے ہیں، جمعیت عوام کی حقیقی جمہوری

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 37

خلفائے راشدینؓ کے ایام سرکاری سطح پر منائے جائیں، سنی علماء کونسل

خلفاء راشدینؓ کے ایام پر سرکاری چھٹی کے مطالبے پر حکومت عمل کرے، مولانا محمد احمد لدھیانوی

لاہور (این این آئی) سنی علماء کونسل لاہور کے زیر اہتمام سیدنا فاروق اعظمؓ کی یوم شہادت کی مناسبت سے دھرپورہ سے لاہور پریس کلب تک مدح صحابہؓ مطالباتی جلوس نکالا گیا جلوس کے شرکاء نے شہادت فاروقؓ پر سرکاری چھٹی کرنے کے مطالباتی کتبے اٹھا رکھے تھے اور جلوس کے دوران سیدنا فاروق اعظمؓ کی شان میں نعرے بازی کرتے دکھائی دیئے جلوس پر امن انداز میں اپنے مقررہ روٹ سے ہوتے ہوئے پریس کلب کے سامنے اختتام پذ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 39

وزیر اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑہ کا دورہ نارووال، چرچ میں مسیحی برادری کی دعائیہ تقریب میں شرکت

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑہ نے گزشتہ روز پادری بوائز اویز کی خصوصی دعوت پر نارووال میں قائم ایف جی ایچ چرچ کا دورہ کیا اور ایک دعائیہ تقریب میں شرکت کی۔ اس موقع پر مسیحی برادری کی بڑی تعداد بھی موجود تھی۔



پنجاب ہائی وے پٹرول لاہور سمیت صوبہ بھر میں شاہراہوں پر قوانین کی پاسداری اور شہریوں کی خدمت وتحفظ کیلئے سرگرم عمل

لیسکو کی جانب سے کیٹگری فائیو کے 42 فیڈرز پر 5 گھنٹے کی لوڈ شیڈنگ

2169 فیڈرز میں سے 36 فیڈرز پر تکنیکی خرابی کے باعث بجلی کی سپلائی متاثر ہوئی، ترجمان

لاہور (این این آئی) لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی کے 2169 فیڈرز میں سے 36 فیڈرز پر تکنیکی خرابی کے باعث بجلی کی سپلائی متاثر ہوئی۔ ترجمان کے مطابق گزشتہ 12 گھنٹوں کے دوران 2 فیصد سے بھی کم فیڈرز مختلف اوقات میں تکنیکی وجوہات کی بنا پر متاثر ہوئے، جنہیں بر وقت ٹھیک کر دیا گیا۔ خراب ہونیوالے فیڈرز کو 0 3 منٹس سے 3 گھنٹے 55 منٹ، 27 فیڈرز پر بجلی کی سپلائی بروقت بحال کی گئی۔ ترجمان کے مطابق اس وقت ہائی لاسز فیڈرز کے علاوہ کسی فیڈر پر لوڈ شیڈنگ نہیں ہو رہی، کیٹگری تھری کے 136 فیڈرز پر 3 گھنٹے، کیٹگری فور کے 68 فیڈرز پر 4 گھنٹے اور کیٹگری فائیو کے 42 فیڈرز پر 5 گھنٹے کی لوڈ شیڈنگ کی جارہی ہے

جسٹس طارق محمود جہانگیری کیخلاف سوشل میڈیا مہم: پیمرا، غریدہ فاروقی و دیگر کو نوٹس جاری

اسلام آباد (این این آئی) جسٹس طارق محمود جہانگیری کے خلاف سوشل میڈیا مہم پر توہین عدالت کیس میں اسلام آباد ہائی کورٹ نے پاکستان الیکٹرانک میڈیا ریگولیٹری اتھارٹی (پیمرا)، پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (پی ٹی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 44



اسلام آباد، وفاقی وزیر شزا فاطمہ خواجہ فنکشنل کمیٹی انفارمیشن کے پہلے اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

پنجاب ہائی وے پٹرول شہریوں کی خدمت وتحفظ کیلئے سرگرم عمل

پی ایچ پی نے شاہراہوں پر بذریعہ ای پولیس پوسٹ ایپ 6 لاکھ 65 ہزار سے زائد افراد کو چیک کیا

گیس سلنڈر کے غیر قانونی استعمال پر 175 گاڑیوں کے خلاف قانونی کارروائی کی گئی، شہریوں کی سہولت کے پیش نظر 3278 ڈرائیونگ لائسنس جاری کیے گئے

لاہور (خبر نگار) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی ہدایت پر پنجاب ہائی وے پٹرول لاہور سمیت صوبہ بھر میں شاہراہوں پر قوانین کی پاسداری اور شہریوں کی خدمت وتحفظ کیلئے سرگرم عمل ہے، آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے فورس کو ہدایت کی کہ پی ایچ پی ٹیمیں اپنے بیٹ ایریاز میں فیلڈ پٹرولنگ کو مزید موثر بنائیں، قوانین کی خلاف ورزی، جرائم کی روک تھام کے ساتھ ساتھ شہریوں کی مدد اور راہنمائی کیلئے ترجیحی بنیادوں پر اقدامات کیے جائیں۔ یہ ہدایات انہوں نے پنجاب ہائی وے پٹرول کی ہفتہ وار کارکردگی کا

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 45

فلور ملز، ہول سیلرز پر ود ہولڈنگ ٹیکس کا نفاذ مسترد، لاہور سمیت ملک بھر کی فلور ملز انڈسٹری کا (کل) ہڑتال کا اعلان

ہڑتال کی صورت میں ملک بھر کی 1500 فلور ملز بند ہو جائیں گی، حکومت کے ساتھ مذاکرات نہ ہونے پر آٹا ایک بار پھر مہنگا ہونے کا خدشہ

11 جولائی کو فلور ملز گندم کی واشنگ بند، 12 جولائی کو گندم کی پسائی بند، 13 جولائی کو آٹے کی نقل وحمل مکمل طور پر بند کر دی جائیگی، عاصم رضا

لاہور (این این آئی) فلور ملز اور ہول سیلرز پر ود ہولڈنگ ٹیکس کے نفاذ کے خلاف لاہور سمیت ملک بھر کی فلور ملز انڈسٹری نے کل (بدھ) 10 جولائی کو ہڑتال کرنے کا اعلان کر دیا جبکہ متحدہ نان روٹی ایسوسی ایشن اور کریانہ مرچنٹ ایسوسی ایشن نے بھی آٹا ڈیلرز ایسوسی ایشن کے موقف کی حمایت کر دی۔ اس حوالے سے ذرائع کا کہنا ہے کہ ہڑتال کی صورت میں ملک بھر کی 1500 فلور ملز بند ہو جائیں گی، پنجاب میں سب سے زیادہ 1100 فلور ملز، کے پی میں 130 فلور ملز، سندھ میں 200 اور بلوچستان میں 70 فلور ملز کو تالا لگ جائے گا، ہڑتال کی صورت میں صوبائی دارالحکومت لاہور کی 100 سے زائد فلور ملز بھی بند ہوں گی۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ اگلے دو روز میں حکومت کے ساتھ مذاکرات نہ ہونے پر آٹا ایک بار پھر مہنگا ہونے کا خدشہ ہے، فلور ملز کے ہڑتال پر جانے کی صورت میں 10 کلو آٹے کا تھیلا 90 روپے مہنگا ہونے کا امکان ہے۔

پاکستان اسٹاک ایکسچینج کی عمارت میں آگ پر قابو پالیا گیا، ٹریڈنگ بحال

کراچی (این این آئی) پاکستان اسٹاک ایکسچینج کی عمارت میں لگنے والی آگ پر قابو پالیا گیا، جس کے بعد ٹریڈنگ بحال کر دی گئی ہے۔ فائر بریگیڈ ذرائع کے مطابق اسٹاک ایکسچینج میں آتشزدگی کا واقعہ عمارت کی چوتھی منزل پر پیش آیا، جس کے بعد ٹریڈنگ کا عمل روک دیا گیا تھا۔ آئی آئی چندریگر روڈ پر واقع عمارت میں آتشزدگی کی اطلاع ملتے ہی آگ پر قابو پانے کے لیے فائر بریگیڈز کی گاڑیاں اور ٹیمیں فوری طور پر روانہ کر دی گئی تھیں،

شہید برہان وانی کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لئے کوٹلی آزاد کشمیر میں ریلی

کوٹلی (این این آئی) معروف نوجوان کشمیری رہنما شہید برہان وانی اور ان کے ساتھیوں کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لئے آج آزاد جموں و کشمیر کے علاقے گلپور کوٹلی میں جموں وکشمیر پیر پنجال فریڈم موومنٹ کے زیر اہتمام ایک ریلی نکالی گی۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق ''مشن شہدائے جموں وکشمیر'' کے زیر عنوان ریلی کی قیادت پیر پنجال فریڈم موومنٹ کے دائس چیئرمین

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 57

بھارتی دارالحکومت میں آموں کی نمائش، خوشبو اور مٹھاس نئی دہلی میں جمع ہوگئی

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی دارالحکومت نئی دہلی میں آموں کی مختلف اقسام کے سالانہ میلے میں ہزاروں افراد نے شرکت کی۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ایک اندازے میں کہا گیا کہ بھارت میں 1500 سے زائد اقسام کے آم پیدا ہوتے ہیں۔ جن کے ذائقے چھکنے اور جن کی خوبصورتی اور خوشبو سے لطف اٹھانے کے لیے ہر سال آموں کی نمائش میں ہزاروں لوگ پہنچتے ہیں۔

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 59

کراچی میں زکواۃ وعشر کمیٹی گلبرگ ٹاؤن کے چیئرمین کی ٹارگٹ کلنگ

عبدالقیوم کو انڈا موڑ کے نزدیک ٹارگٹ کیا گیا، ملزمان نے قریب سے دو گولیاں ماریں، لوٹ مار نہیں کی، پولیس

کراچی (این این آئی) نارتھ کراچی انڈہ موڑ یونس مسجد کے قریب فائرنگ سے ایک شخص ہلاک ہو گیا۔ تفصیلات کے مطابق نارتھ کراچی انڈہ موڑ یونس مسجد کے قریب فائرنگ سے لوکل زکواۃ اور عشر کمیٹی کے چیئرمین کو گولی مار کر ہلاک کر دیا گیا۔ چھپیا ذرائع کے مطابق جاں بحق ہونے والے شخص کی لاش عباسی شہید اسپتال منتقل کر دی گئی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 56

نوشہرو فیروز میں مسافر کوچ الٹنے سے خواتین اور بچوں سمیت 15 افراد زخمی

مسافر کوچ کراچی سے سکھر جارہی تھی، حادثہ ڈرائیور کو نیند آنے کے باعث پیش آیا، پولیس

نوشہرو فیروز (این این آئی) سندھ کے شہر نوشہرو فیروز میں قومی شاہراہ پر مسافر کوچ الٹنے سے خواتین اور بچوں سمیت 15 سے زائد مسافر زخمی ہوگئے۔ پولیس کے مطابق افسوسناک حادثہ نوشہرو فیروز میں قومی شاہراہ پر پیش آیا جہاں مسافر کوچ الٹنے سے 15 سے زائد مسافر زخمی ہوگئے، جن میں خواتین اور بچے بھی شامل ہیں۔ پولیس حکام

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 55

کامران مسعود مرزا انصاف یوتھ ونگ ضلع چکوال کے نائب صدر مقرر

کامران مسعود مرزا معروف سینئر قانون دان مسعود احمد مرزا کے صاحبزادے ہیں

چوآسیدن شاہ (ایم ایوب سلطانی) علاقہ جھنگڑ سے پاکستان تحریک انصاف کے متحرک اور نظریاتی کارکن کامران مسعود مرزا کو انصاف یوتھ ونگ ضلع چکوال کا نائب صدر مقرر کر دیا گیا، واضح رہے کامران مسعود مرزا معروف سینئر قانون دان مسعود احمد مرزا کے صاحبزادے ہیں اور اس سے قبل پاکستان تحریک انصاف کی تحصیل باڈی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 54

سری لنکا میں مذہبی اجتماع کے دوران ہاتھی مشتعل، 13 ہندو یاتری زخمی

ہاتھی کے رکھوالوں میں سے ایک نے مشتعل جانور کو دم سے پکڑ کر اس پر قابو پانے کی کوشش کی تھی، رپورٹ

کولمبو (این این آئی) سری لنکا میں ایک ہندو مذہبی تہوار کے دوران اس وقت افراتفری پھیل گئی جب جلوس میں شامل ایک ہاتھی نے بے قابو ہو کر 13 یاتریوں کو زخمی کر دیا۔ خبر رساں ایجنسی کے مطابق پولیس نے بتایا کہ ہجوم میں شامل 13 افراد آپس میں ٹکرانے سے اس وقت زخمی ہو گئے جب بپھرے ہاتھی سے خود کو بچانے کے لیے بھاگ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 53

حماس مذاکرات کیلئے مستقل جنگ بندی کی شرط سے دستبردار

اسرائیل نے حماس کے مستقل جنگ بندی کے مطالبات کی شدید مخالفت کی تھی، حکام

غزہ (این این آئی) حماس غزہ میں امن اور قیدیوں کے تبادلے کے لیے مذاکرات پر مستقل جنگ بندی کی شرط سے دستبردار ہوگئی ہے۔ غیر ملکی خبر ایجنسی سے نام ظاہر نہ کرنے کی شرط پر بات کرتے ہوئے حماس رہنما کا کہنا تھا کہ مذاکرات کے لیے مستقل جنگ بندی کی اپنی شرط سے پیچھے ہٹ گئی ہے۔ مذاکرات کے ثالثوں نے یقین دہانی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 52

بلال اظہر کیانی اور ڈپٹی کمشنر جہلم سیدہ رملہ علی کا زیر تعمیر ٹراما سینٹر کا دورہ

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم رکن قومی اسمبلی بلال اظہر کیانی اور ڈپٹی کمشنر جہلم سیدہ رملہ علی نے زیر تعمیر ٹراما سینٹر کا دورہ کیا، انہوں نے ٹراما سینٹر کے مختلف حصوں کا معائنہ کیا اور تعمیراتی کام کی پیش رفت کا جائزہ لیا اور ہدایت دی کہ کام کی رفتار کو تیز کیا جائے اور معیار کو برقرار رکھا جائے تاکہ یہ منصوبہ مقررہ وقت پر مکمل ہو سکے۔ بلال اظہر کیانی نے کہا کہ ٹراما سینٹر ضلع جہلم کی عوام کے لیے ایک

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 51

شاہ سلمان ریلیف سنٹر کی انڈونیشیا اور لبنان میں خدمات جاری

لبنان میں روٹیوں کے ڈیڑھ لاکھ پیکٹ ضرورت مند خاندانوں میں تقسیم کی گئی، رپورٹ

ریاض (این این آئی) سعودی عرب کے سب سے بڑے امدادی ادارے شاہ سلمان ریلیف سنٹر نے لبنان اور انڈونیشیا میں مختلف شعبوں میں خدمات انجام دی ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق لبنان میں شاہ سلمان ریلیف کے الاہل خیراتی بیکری منصوبے کے چوتھے مرحلے میں عکر گورنری اور ضلع مینیہ میں خدمات جاری رکھی ہیں۔ پچھلے ہفتے کے دوران اس منصوبے کے تحت لبنان میں روٹیوں کے ڈیڑھ لاکھ پیکٹ ضرورت مند خاندانوں میں تقسیم کی گئی۔ جس سے سوا لاکھ افراد کو فائدہ ہوا۔



لاہور، چیئرمین بورڈ آف انٹرمیڈیٹ زید بن مقصود میٹرک کے پوزیشن ہولڈر طلبہ کے ناموں کا اعلان کر رہے ہیں

غزہ جنگ نیتن یاہو کے تحفظات کی وجہ سے طول پکڑے گی، اسرائیلی سروے

قیدی تبادلہ کے معاہدے پر رکاوٹوں پر بات چیت کے لیے اسرائیلی دو وفود دوحہ اور قاہرہ روانہ

دوحہ، قاہرہ (این این آئی) اسرائیلی ٹی وی کی طرف سے کرائے گئے ایک رائے عامہ کے سروے میں یہ بات سامنے آئی ہے کہ نصف سے زیادہ اسرائیلیوں کا خیال ہے کہ تو ماہ سے جاری غزہ جنگ نیتن یاہو کے "سیاسی تحفظات" کی وجہ سے طول پکڑ رہی ہے۔ اسرائیلی اخبار کے سروے کے مطابق 54 فیصد افراد نے کہا کہ جنگ ابھی ختم نہیں ہوئی ہے اس کی وجہ نیتن یاہو کے سیاسی تحفظات ہیں۔ 34 فیصد کے مطابق آپریشنل وجوہات کی بنا پر جنگ ختم نہیں ہو سکی۔ 12

شامی ہم منصب کو کسی بھی وقت دورے کی دعوت دے سکتے ہیں، طیب ایردوان

روسی صدر نے مشورہ دیا ہے میں بشارالاسد سے ملاقات کروں، صدر ترکیہ کی گفتگو

برلن (این این آئی) ترکیہ کے صدر رجب طیب ایردوان نے شام سے تعلقات کی بحالی کی طرف ایک اور قدم آگے بڑھنے کا اشارہ دیتے ہوئے کہا ہے کہ وہ کسی بھی وقت اپنے شامی ہم منصب بشار الاسد کو ترکیہ کے دورے کی دعوت دے سکتے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 60



لاہور، سیکرٹری محکمہ ایمرجنسی ڈاکٹر رضوان نصیر محرم الحرام کے حوالے سے انتظامات کی بریفنگ لے رہے ہیں

50 ڈیموکریٹک رہنماؤں کا بائیڈن سے سبکدوشی کا مطالبہ

ڈیموکریٹک پارٹی میں صدر بائیڈن کے حوالے سے بے چینی میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے، رپورٹ

واشنگٹن (این این آئی) امریکہ میں ان دنوں صدارتی الیکشن کی مہم جاری ہے۔ ایک طرف صدر جو بائیڈن اپنی تمام تر غلطیوں اور یادداشت کے مسائل کے باوجود آئندہ نومبر میں ہونے والے الیکشن میں حصہ لینے کے لیے تیار ہیں۔ دوسری جانب امریکی ڈیموکریٹک پارٹی میں صدر بائیڈن کے حوالے سے بے چینی میں مسلسل اضافہ ہو رہا

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 47

برطانوی وزیراعظم کا اسرائی